Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | ہفتہ، 12 ستمبر 2026ء، 29 ربیع الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 143

پنجاب میں تھیٹر کی بحالی وزیراعلیٰ مریم نواز کا مشن ہے، وزیر اطلاعات

الحمرا کے تھیٹر ڈراموں میں خاندانوں کی بھرپور شرکت تھیٹر کی عوامی پذیرائی کا ثبوت ہے، عظمیٰ بخاری، پنجاب میں ثقافتی میلوں کی بحالی کے لیے بہت اچھے اقدامات کیے جا رہے ہیں، بین وارنگٹن

الحمرا کی تزئین و آرائش قابلِ تعریف، بسنت 2027 کے لیے پرجوش ہیں برطانوی ہائی کمشنر لاہور کے سربراہ بین وارنگٹن کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری سے ملاقات کے موقع پر گفتگو

پاکستان کے معزز چیف جسٹس/ چیئرمین، این جے پی ایم سی کو سپریم کورٹ آف پاکستان، اسلام آباد میں نیشنل جوڈیشل (پالیسی سازی) کمیٹی کے 62ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری سے برطانوی ہائی کمیشن لاہور کے سربراہ بین وارنگٹن نے ملاقات کی۔ ملاقات میں پنجاب میں ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ، تھیٹر کی بحالی، محفوظ بسنت اور پاکستان و برطانیہ کے درمیان ثقافتی روابط مزید مستحکم کرنے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پنجاب کے سیکرٹری اطلاعات سید طاہر رضا ہمدانی اور برطانوی (بقیہ نمبر 1)

آئی سی سی آئی وفد کی وزیر مملکت برائے داخلہ سے ملاقات

حکومت کاروبار دوست اپروچ پر یقین رکھتی ہے، وزیر مملکت طلال چوہدری

آئی سی سی آئی متعلقہ اداروں کے درمیان ون ونڈو پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر سردار طاہر محمود کی قیادت میں وفد نے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری سے ملاقات کی اور دارالحکومت میں کمرشل پلازوں کی سیلنگ، سی ڈی اے کے ریگولیٹری (بقیہ نمبر 2)

پاکستان کا سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار

یمن کی صورتحال پر گہری تشویش ہے، بحیرہ احمر میں تجارتی جہازوں پر حوثی حملے باعث تشویش ہیں، عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ حوثی حملے سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی کھلی خلاف ورزی ہیں، پاکستان سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری، (بقیہ نمبر 2)

اہم کمانڈرز سمیت 9 دہشت گرد ہلاک

ہلاک کمانڈر خارجی عبیداللہ افغان صوبے لوگر کارروائی اور کالعدم فتنہ الخوارج سے وابستہ تھا

پشاور (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع کرم اور پشاور میں دو مختلف کارروائیوں کے دوران دو اہم کمانڈرز سمیت 9 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ 8 ستمبر کو ضلع (بقیہ نمبر 11)

وزیراعلیٰ پنجاب کی ساہیوال کے ارکان اسمبلی سے ملاقات

ترقیاتی منصوبوں کو بڑوں شہروں سے نکال کر گاؤں کی سطح پر لے آئے ہیں، مریم نواز شریف

لاہور (آئی آئی پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ارکان اسمبلی کو جاری ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کے معیار اور شفافیت پر نظر رکھنے کی ہدایت کر دی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز سے ضلع ساہیوال کے ارکان صوبائی اسمبلی نے ملاقات کی (بقیہ نمبر 10)

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کو برطانوی ہائی کمیشن لاہور کے سربراہ بین وارنگٹن یادگاری تحفہ پیش کر رہے ہیں، سیکرٹری انفارمیشن طاہر رضا ہمدانی بھی ہمراہ ہیں

وزیراعلیٰ صاف پانی پراجیکٹ، 30 نومبر تک راولپنڈی ڈویژن میں 706 فلٹریشن پلانٹس مکمل و فعال کرنے کا ہدف

راولپنڈی ڈویژن میں 706 نئے واٹر فلٹریشن پلانٹس کا منصوبہ

وزیراعلیٰ پنجاب صاف پانی پروگرام فیز ون کے تحت 30 نومبر 2026ء تک راولپنڈی ڈویژن میں 706 فلٹریشن پلانٹس لگائے جائیں گے

جن میں اٹک میں 207، راولپنڈی میں 175، جہلم میں 142، تلہ گنگ میں 75، چکوال میں 73 اور مری میں 28 پلانٹس شامل ہیں

وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین کی زیر صدارت صاف پانی اور واٹر فلٹریشن پلانٹس کے حوالے سے کمشنر آفس راولپنڈی میں جائزہ اجلاس منعقد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) صوبائی وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین کی زیر صدارت کمشنر آفس راولپنڈی میں صاف پانی کی فراہمی، واٹر فلٹریشن پلانٹس اور نالہ لئی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ممبر صوبائی اسمبلی راجہ حنیف ایڈووکیٹ، ملک افتخار، عمیر صداقت، کمشنر راولپنڈی سلمان غنی، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ندیم ناصر، منیجنگ ڈائریکٹر واسا، صاف پانی اتھارٹی و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈویژن بھر میں شہریوں کو صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی فراہمی، موجودہ واٹر فلٹریشن پلانٹس کی (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم نے بجلی سے متعلق عوامی شکایات کے ازالے کے لیے ڈسکوز کی سطح پر کمیٹیاں قائم کرنے کے احکامات دیے دیئے

دو گھنٹے سے زائد لوڈ شیڈنگ نہ کی جائے

وزیراعظم کا اظہار برہمی

آر ایل این جی کی ترسیل میں تعطل سے نمٹنے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں اور تمام موجود وسائل کا موثر استعمال کیا جائے، شہباز شریف کی ہدایت

ریڈ ریسل کمیٹی میں عوامی نمائندگی بھی ہونی چاہیے، ایک ہفتے کے اندر گریونس کمیٹیوں کو فعال کیا جائے، وزیراعظم کا مختلف علاقوں میں بجلی لوڈشیڈنگ کا نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا نوٹس لیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ آر ایل این جی کی ترسیل میں تعطل سے نمٹنے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں اور تمام موجود وسائل کا موثر استعمال کیا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملک میں بجلی کی لوڈ مینجمنٹ پر اہم جائزہ اجلاس ہوا جس میں آگاہ کیا گیا کہ خطے کی حالیہ صورتحال اور آبنائے ہرمز میں کشیدگی اور ترسیلی مشکلات کے باعث آر ایل این جی کی فراہمی متاثر ہونے سے بجلی کی پیداوار میں کمی واقع ہوئی ہے جس کے نتیجے میں طلب و رسد میں توازن برقرار رکھنے کے لیے مجبوراً لوڈ مینجمنٹ کرنی پڑ رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ خطے کی (بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف بجلی کے لوڈ مینجمنٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صنعتی کارکنان کے لئے 90 لاکھ روپے مالیت کے 130 التواء شدہ ویلفیئر گرانٹ چیکس کی تقسیم

راولپنڈی میں ورکرز ویلفیئر فنڈ کے تحت سالہا سال سے التواء کا شکار 90 لاکھ روپے کے 130 چیکس محنت کشوں میں تقسیم کر دیے گئے

حکومت پنجاب مزدوروں کے بچوں کی معیاری تعلیم، قانونی حقوق کی فراہمی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیوں کیلئے مکمل متحرک ہے

راولپنڈی (این ای این) محنت کش کسی بھی معاشرے اور معیشت کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ کارخانوں میں کام کرنے والے مزدور اپنی محنت، صلاحیت اور خون پسینہ بہانے سے نہ صرف اپنے خاندان کا چولہا روشن کرتے ہیں بلکہ ملک کی صنعتی ترقی اور معاشی خوشحالی میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں حکومت پنجاب نے (بقیہ نمبر 6)

پنجاب کے سرکاری سکولوں کی خراب کارکردگی، انکوائری شروع

اساتذہ کے خلاف طویل انکوائریز نہیں ہوں گی، کم رزلٹ پر براہ راست کارروائی ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سرکاری سکولوں کی خراب کارکردگی پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے انکوائری شروع کر دی۔ وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات کا کہنا ہے کہ 20 فیصد یا اس سے کم نتائج والے 2200 سرکاری اسکولز کی نشاندہی کی گئی ہے، (بقیہ نمبر 24)

ریونیو فیلڈ سٹاف کیساتھ اجلاس زیر التواء امور فوری نمٹانے کی ہدایت

عوام کو ریونیو سروسز، فرد ملکیت، انتقالات اور وراثت کے مقدمات کی بروقت اور شفاف فراہمی کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے

عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور پٹواری کلچر میں بہتری لانا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اسسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن (ر) ارشد اقبال

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن (ر) ارشد اقبال نے آج اپنے دفتر میں تحصیل بھر کے ریونیو فیلڈ اسٹاف کا ایک اہم اجلاس طلب کیا۔ اجلاس میں تحصیلدار، نائب تحصیلدار، قانونگو (گرداور) اور جملہ پٹواریوں نے شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی مقصد عوام کو ریونیو سروسز کی فراہمی میں درپیش مشکلات کا ازالہ، فرد (بقیہ نمبر 7)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن (ر) ارشد اقبال نے اپنے دفتر میں تحصیل بھر کے ریونیو فیلڈ اسٹاف کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

برطانوی ہائی کمیشن بین وارنگٹن یونیورسٹی آف لاہور میں تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے ہیں

مبینہ اجتماعی زیادتی کے 4 ملزمان نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ہلاک

پشاور (آئی آئی پی) پشاور میں مبینہ اجتماعی زیادتی کرنے والے 4 ملزمان نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ہلاک ہوگئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ زیر حراست ملزمان کو نشاندہی کے لیے لے جا رہے تھے کہ نامعلوم افراد نے فائرنگ کر دی۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزمان نے گڑھی موسم خان میں خواتین سے مبینہ اجتماعی زیادتی کی تھی۔ پولیس نے اجتماعی زیادتی کا مقدمہ تھانا رحمان بابا (بقیہ نمبر 19)

قائداعظم کو ان کی عظیم جدوجہد پر زبردست خراجِ عقیدت

قائداعظم نے ایک منتشر قوم کو نظریہ، شعور اور آزاد ریاست دی، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کو ان کی عظیم جدوجہد پر زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بانی پاکستان نے برصغیر کے مسلمانوں کو غلامی سے نجات دلا کر دنیا کے نقشے پر ایک آزاد اور (بقیہ نمبر 25)

ربیع الثانی کا چاند کب نظر آئے گا؟ سپارکو نے پیشگوئی کر دی

ربیع الثانی کے نیا چاند 11 ستمبر کی صبح 8:27 بجے پیدا ہونے کا امکان

اسلام آباد (آئی آئی پی) سپارکو نے ربیع الثانی 1448 ہجری کے چاند کی پیدائش اور رویت کے حوالے سے فلکیاتی پیشگوئی جاری کر دی ہے۔ سپارکو کے مطابق ربیع الثانی کے نیا چاند 11 ستمبر کی صبح 8:27 بجے پیدا ہونے کا امکان ہے جبکہ 12 ستمبر کی شام ہلال نظر آنے کی قومی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ فلکیاتی پیشگوئی کے مطابق یکم ربیع الثانی 1448 ہجری 13 ستمبر کو ہونے کی توقع ہے۔ تاہم سپارکو کا کہنا ہے کہ ملک بھر میں قمری مہینے کے آغاز کا (بقیہ نمبر 13)

8 ماہ کے بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق

بنوں (آئی آئی پی) محکمہ صحت کا کہنا ہے کہ ضلع بنوں میں ایک نئے پولیو کیس کی تصدیق ہوئی ہے۔ محکمہ صحت کے مطابق بنوں کی تحصیل میریان میں 8 ماہ کے بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ جنگ (بقیہ نمبر 14)

سینیٹر روبینہ خالد کی ایڈیشنل چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا لیفٹیننٹ (ر) اسلام زیب سے ملاقات

مستحق افراد تک فوائد پہنچانے کے لیے خیبر پختونخوا حکومت کے ساتھ ڈیٹا شیئرنگ اور بینظیر ہنرمند پروگرام پر اتفاق

ماں اور بچے کی صحت اور غذائی کمی سے نمٹنے کے لیے محکمہ صحت کی بی آئی ایس پی کو مکمل تعاون کی یقین دہانی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج پشاور میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا لیفٹیننٹ (ر) اسلام زیب سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بی آئی ایس پی کے مختلف پروگراموں کے حوالے سے صوبائی محکموں کے ساتھ تعاون، NSER ڈیٹا شیئرنگ، بینظیر ہنرمند پروگرام کے تحت بینظیر شری خاندانوں کے بچوں کی سکل ٹریننگ (بقیہ نمبر 4)

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد پشاور میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا لیفٹیننٹ (ر) اسلام زیب سے ملاقات کر رہی ہیں

بسنت کی تیاریاں، پتنگ سازی کے لائسنسز کی تصدیق تیز کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے بسنت 2027ء کے ثقافتی ایونٹ کو محفوظ بنانے کے لیے پتنگ سازی کے مینوفیکچرنگ لائسنسز کی تصدیق کا عمل تیز کرنے کی ہدایت کر دی۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق 5 ستمبر سے پتنگ سازی کے (بقیہ نمبر 15)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے مذاکرات رواں ماہ ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان اہم مذاکرات 23 ستمبر سے شروع ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق ان مذاکرات میں پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان 7 ارب ڈالر سے زائد کے توسیعی فنڈ فیسلیٹی (ای ایف ایف) پروگرام کے (بقیہ نمبر 16)

بیگم کلثوم نواز کی برسی کے سلسلہ میں قرآن خوانی کی تقریبات کا انعقاد

بیگم کلثوم نواز کی جمہوریت، آئین و قانون کی بالادستی کیلئے قربانیوں کو بھرپور خراج عقیدت پیش

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف کی اہلیہ اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی والدہ بیگم کلثوم نواز کی برسی گزشتہ روز منائی گئی۔ اس سلسلہ میں مختلف مقامات پر برسی کی تقریبات کا انعقاد کیا گیا جس میں پارٹی رہنماؤں اور (بقیہ نمبر 20)

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس

ای سی او کونسل آف منسٹرز کے اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس میں پاکستان میں 15 اور 16 نومبر 2026 کو ہونے والے اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کونسل آف منسٹرز کے اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ جمعہ کو (بقیہ نمبر 21)

اسسٹنٹ کمشنر کینٹ کی نگرانی میں اڈیالہ روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا جا رہا ہے

حکومت نے پیر تک لانگ مارچ موخر کرنے کا کہا ہے

ریلیف نہ دیا تو دھرنے اسلام آباد کی طرف چل پڑیں گے: لیاقت بلوچ

اسلام آباد (آئی آئی پی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت نے پیر تک لانگ مارچ کی حتمی کال موخر کرنے کا کہا ہے، اگر حکومت ریلیف نہیں دیتی تو دھرنے ملک بھر سے اسلام آباد کی طرف چل پڑیں گے۔ وفاقی (بقیہ نمبر 22)

پنجاب کے تمام میڈیکل کالجز کو افغان طلبا کو نکالنے سے روک دیا گیا

کل تک فیورٹ چائلڈ تھے، آج پالیسی تبدیل ہوگئی؟ آپ ان طلبا کو سزائے موت ہی دے دیں

لاہور (آئی آئی پی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب کے تمام میڈیکل کالجز کو افغان طلبا کو نکالنے سے روک دیا۔ افغان میڈیکل طلباء کو کالجز سے نکالنے کے خلاف درخواستوں پر سماعت لاہور ہائیکورٹ میں ہوئی جس دوران پی ایم ڈی سی کے وکیل نے (بقیہ نمبر 23)

کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی کی زیر صدارت اہم اجلاس

کمشنر راولپنڈی سلمان غنی کا رنگ روڈ منصوبے کو جلد از جلد مکمل کر کے عوام کے لیے کھولنے کی ہدایت، 99 فیصد کام مکمل

میگا پراجیکٹ رنگ روڈ 99 فیصد مکمل، جسے افتتاح سے قبل تمام تکنیکی، حفاظتی اور گرین بیلٹ امور حتمی شکل دے کر جلد فعال کر دیا جائے گا

ٹریفک کی روانی، معاشی سرگرمیوں، اور ماحولیاتی بہتری کے لیے رنگ روڈ سے منسلک سڑکوں کو قابل استعمال بنایا جائے، سلمان غنی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے کہا کہ راولپنڈی کا گیم چینجر منصوبہ رنگ روڈ تکمیل کے مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر جائزہ اجلاس کے ذریعے کام کی رفتار اور معیار کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ اس منصوبے کا 99 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے اور بقیہ کام کو بھی جلد از جلد مکمل کر کے منصوبے کو عوام کے لیے کھول دیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں (بقیہ نمبر 8)

وزیر تجارت سے ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو کی ملاقات

باہمی تجارت و سرمایہ کاری اور عوامی روابط بڑھانے کے عزم کا اعادہ

ہانگ کانگ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان سے ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو جان لی کا چیو نے ملاقات کی جس دوران باہمی تجارت، سرمایہ کاری اور عوامی روابط بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ترجمان وزارت تجارت کے مطابق ملاقات میں ہانگ کانگ کے سیکرٹری تجارت و اقتصادی ترقی الجرنن یا اور پاکستانی قونصل (بقیہ نمبر 26)

اڈیالہ جیل کا قیدی انتقال کر گیا

راولپنڈی (آئی آئی پی) اڈیالہ جیل کا قیدی اویس احمد ہسپتال منتقلی کے دوران انتقال کر گیا۔ پولیس نے بتایا کہ 40 سالہ قیدی کی اچانک طبیعت خراب ہوئی تھی، قیدی کو ہسپتال منتقل کیا جا رہا تھا کہ اس دوران وہ دم توڑ گیا۔ پولیس کے مطابق قیدی کے خلاف (بقیہ نمبر 27)

ایم ڈی سٹھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کا شہر کی اندرون گلیوں کا دورہ

ایم ڈی رانا ساجد صفدر نے جامع مسجد روڈ اور شاہ نذر پل پر زیرو ویسٹ آپریشن، ورکرز کی حاضری اور صفائی کے معیار کا معائنہ کیا

جامع مساجد میں پمفلٹس تقسیم، ائمہ کرام اپنے خطبات کے ذریعے شہریوں کو صفائی اور کچرا نہ جلانے کی ترغیب دیں، اپیل

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ایم ڈی سٹھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے جمعہ کے روز جامع مسجد روڈ اور شاہ نذر پل کی اندرون گلیوں کا دورہ کیا اور جاری صفائی آپریشن کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے صفائی ورکرز سے ملاقات کی، ان کی حاضری اور صفائی سرگرمیوں کا جائزہ لیا جبکہ شہریوں سے بھی براہ راست گفتگو کر کے صفائی کی صورتحال، مسائل اور تجاویز دریافت کیں، اس موقع پر مینیجر آپریشنز ڈسٹرکٹ راولپنڈی عامر یونس نائیک اور مینیجر آپریشنز سٹی سید حسن سردار نے ایم (بقیہ نمبر 9)

ایم ڈی رانا ساجد صفدر جامع مسجد روڈ اور شاہ نذر پل پر زیرو ویسٹ آپریشن، ورکرز کی حاضری اور صفائی کے معیار کا معائنہ کر رہے ہیں

چیف الیکشن کمشنر کی تقرری، حکومت اور حزب اختلاف میں مشاورت کا آغاز

احتجاج کے حوالے سے تفصیلی مشاورت، پی ٹی آئی کو 27 ستمبر کیلئے بھرپور تیاری کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر اور دو ممبران کی تقرری کے سلسلہ میں حکومت اور حزب اختلاف میں مشاورت کا آغاز ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق قائد حزب اختلاف راجہ ناصر عباس کے چیمبر میں اپوزیشن کا اہم اجلاس ہوا جس میں محمود خان اچکزئی، بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجہ شریک ہوئے۔ اجلاس میں 27 ستمبر احتجاج کے حوالے سے تفصیلی (بقیہ نمبر 17)

غیر قانونی کمرشل عمارتوں کیخلاف سی ڈی اے کا بلا تفریق آپریشن

بلڈنگ بائی لاز کی خلاف ورزی، نان کنفرمنگ یوز اور فائر سیفٹی کے ناقص انتظامات پر متعدد عمارتیں سیل

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ، تعمیراتی قوانین پر عمل درآمد اور شہری ماحول کو یقینی بنانا سی ڈی اے کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

کرنے والی عمارتوں کا انسداد، سرکاری خزانے کو مالی نقصان سے بچانا اور شہریوں کو محفوظ و منظم شہری ماحول فراہم کرنا ہے۔

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ایڈیشنل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے بلڈنگ کنٹرول اینڈ ہاؤسنگ ونگ کی جانب سے اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ پر غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف بلا تفریق آپریشن۔ کارروائی کے دوران بلڈنگ بائی لاز کی خلاف ورزی، نان کنفرمنگ یوز اور فائر سیفٹی کے ناقص یا غیر موجود انتظامات کے باعث متعدد کمرشل عمارتیں سیل (بقیہ نمبر 5)

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال اسلام آباد میں سینٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی (CDWP) کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، جس میں 116 ارب روپے مالیت کے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دی گئی

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

صحت کی ناکافی سہولتیں

ایک خبر کے مطابق پنجاب کے 33 ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں میں سے صرف دو میں ایم آر آئی کی سہولت موجود ہے۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال ہر ضلع میں بنیادی طبی ضرورتوں کا مرکزی ادارہ ہوتا ہے' وہاں ایم آر آئی جیسی اہم سہولت کا فقدان صحت عامہ کے نظام میں موجود بنیادی کمزوریوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ ان ہسپتالوں میں ایم آر آئی کی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے عام شہری کو مہنگے نجی تشخیصی مراکز سے یہ ٹیسٹ کرانا پڑتا ہے یا بڑے شہروں' بالخصوص لاہور کے سرکاری ہسپتالوں کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ یوں نہ صرف مریض اور اسکے اہل خانہ کے سفری و علاج کے اخراجات بڑھتے ہیں بلکہ بڑے سرکاری ہسپتالوں پر غیر ضروری دباؤ بڑھتا ہے۔ حال ہی میں سرکاری ہسپتالوں میں مفت ادویات کی عدم دستیابی' مریضوں کے علاج سے متعلق شکایات اور طبی عملے کی کمی جیسے مسائل سامنے آئے ہیں۔

صحت کا شعبہ مجموعی طور پر زبوں حالی کا شکار ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ تمام ڈی ایچ کیو ہسپتالوں میں لازمی طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائے۔ ایم آر آئی' سی ٹی سکین اور ایمرجنسی سہولتوں کیساتھ دل' کینسر' فالج' گردوں اور دیگر سنگین امراض کیلئے جہاں ضرورت ہو خصوصی یونٹس قائم کیے جائیں۔ صحت کا حقیقی معیار صرف ہسپتالوں کی عمارتیں کھڑی کرنا نہیں بلکہ تمام طبی سہولتوں کی فراہمی سے طے ہوتا ہے تاکہ ہر شہری کو بروقت تشخیص اور معیاری علاج کی سہولتیں اپنے ضلع میں میسر آسکیں۔ حکومت کو صحت کے شعبے میں اسی بنیادی اصول کو اپنی ترجیح بنانا چاہیے۔

کرپشن کے خلاف مہم

آصف عفان

صوبوں کی تقسیم پر بھی سٹیک ہولڈرز اپنے اپنے محاذ پر نہ صرف ڈٹے ہوئے ہیں بلکہ لفظی گولہ باری بھی برابر جاری ہے۔ وزیر باتدبیر نے تو حتمی اعلامیہ جاری کر ڈالا ہے کہ ان کی نوکری رہے نہ رہے صوبوں کی تقسیم ہو کر رہے گی۔ جبکہ اردوان' صادق خان اور مدانی کے ساشے پیک بھی مارکیٹ میں آگئے ہیں۔ ادھر فریال تالپور نے ارکانِ سندھ اسمبلی کو روز محشر بینظیر بھٹو کو جوابدہی سے ڈراتے ہوئے باور کرایا ہے کہ قیامت کے دن محترمہ نے اگر گریبان پکڑ کر پوچھ لیا تو کیا جواب دو گے۔ گویا رنگین اور سنگین صورتحال پر خوب دانشوری کے علاوہ دور کی کوڑیاں بھی لائی جا رہی ہیں۔ ایک کوڑی کے مطابق صوبوں کا منصوبہ غیر منظم لانچنگ کی وجہ سے قبل از وقت ہی متنازع بن چکا ہے یعنی لوہار کا ہتھوڑا مارنے سے کہیں بہتر تھا کہ سنار کی نازک ہتھوڑی مستعار لے آتے' رائے عامہ ہموار کرنے کیلئے عجلت کے بجائے سافٹ انٹری ڈالی جا سکتی تھی' لیکن جلد بازی کی موجودہ پالیسی نے اہداف کو دھندلا سا کر ڈالا ہے۔ دبے اختلافات زبان پر آ کر کہیں للکار بن چکے ہیں تو کہیں صاف انکار سے گریزاں آئیں بائیں شائیں کرتے اور ڈنگ ٹپاتے نظر آ رہے ہیں۔

ملک بھر کے وسیع و عریض صوبائی راج واڑوں میں ان سبھی کی جان اس طرح اٹکی ہوئی ہے کہ تقسیم کا تصور ہی حکمرانوں کی نیندیں اڑائے ہوئے ہے۔ کوئی بے چینی اور بوکھلاہٹ کمال مہارت سے چھپائے اداکاری کرتا نظر آ رہا ہے تو کوئی ضبط کی حدیں پار کرتے ہوئے جوش میں ہوش گنوائے ہوئے ہے جبکہ پریشانی سب کی یکساں ہے۔ پیپلز پارٹی سندھ کے ایوانوں سے لے کر روزمرہ بیانوں تک مزاحمت پر آمادہ ہے تو مسلم لیگ (ن) صاف چھپتے بھی نہیں اور سامنے آتے بھی نہیں کے مصداق محتاط رویہ اختیار کیے ہوئے ہے۔ البتہ سینیٹر رانا ثناء اللہ کوئی نادر موقع ضائع نہیں کرتے اور اکثر ٹاک شوز میں کریز سے نکل کر چوکا چھکا لگا ڈالتے ہیں۔ وزیر باتدبیر کا یہ کہنا معنی خیز سے کہیں زیادہ تعجب خیز ہے کہ میں اب پیچھے نہیں ہٹوں گا۔ سمجھنے والے سمجھ گئے اور جو نہ سمجھے وہ اناڑی ہے۔

ایک طرف ملک میں نظام کی تباہی اور طرزِ حکمرانی پر کڑے سوال اٹھتے چلے جا رہے ہیں' دوسری طرف تختِ پنجاب نے کرپشن کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع کر ڈالا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب زیرو ٹالرنس کے ساتھ کرپشن کو جڑ سے اکھاڑنے کا ٹاسک دے چکی ہیں۔ ہنرمندانِ انسدادِ بدعنوانی و رشوت ستانی میدانِ عمل میں آ چکے ہیں۔ آئے روز کہیں رنگے ہاتھوں پکڑے جا رہے ہیں تو کہیں مخبری اور نشاندہی پر۔ حکومتی پیمپرز کی طے شدہ پالیسی کے تحت ہونے والی ان سبھی کارروائیوں کی جمع تفریق کریں تو کرپٹ سرکاری ملازمین کا دائرہ سپاہی سے ہوتا ہوا تھوڑا اوپر تک جاتا ہے تو دوسری طرف پٹواری اور کلرکوں سے ہوتا ہوا ماتحت افسران کے گرد ہی گھومتا ہے۔ گویا ایک خاص سطح سے اوپر کرپشن کا گمان خارج از امکان تصور کیا جا رہا ہے؛ یعنی سبھی بڑے بابو افسر شاہی کے ٹائٹل کے ساتھ نہ صرف شاداں اور محفوظ ہیں بلکہ کرپشن کے خلاف ہراول دستہ بھی بنے ہوئے ہیں۔

کرپشن کے خلاف حالیہ کارروائیوں کے بارے میں رنگ برنگی باتیں سامنے آ رہی ہیں جبکہ ہنی ٹریپ کے الزامات بھی برملا لگائے جا رہے ہیں۔ پولیس نے بھی دھکے سے رشوت دینے والے کو نہ صرف دھر لیا ہے بلکہ مقدمہ بھی درج ہو چکا ہے۔ ناکوں اور پٹرولنگ کے دوران عوام کو ہراساں اور پریشان کر کے عوام سے چائے پانی طلب کرنے والے ہوں یا تھانوں میں دادرسی اور من چاہی تفتیش کے نام پر رشوت لینے والے' دیگر سرکاری محکموں میں فائلوں کو پہیے لگانے کے نام پر جیبیں بھرنے والے ہوں یا روزمرّہ کے جائز کاموں کو روک کر سائلین کی جیبیں کاٹنے والے' جہاں یہ سب قابلِ مذمت اور باعثِ شرم ہیں وہاں ان سبھی کے اعلیٰ افسران کی نگرانی اور گورننس بھی کٹہرے میں کھڑی نظر آتی ہے۔ یہ کیسی افسر شاہی ہے جو اپنی ناک کے نیچے ہونے والی لوٹ مار اور مار دھاڑ سے بے خبر اور بے نیاز رہتی ہے۔ دوسری طرف یہ معمہ ہمیشہ حل طلب رہا ہے کہ قصبوں اور دیہات سمیت چھوٹے بڑے شہروں کی کم مایہ بستیوں سے نکل کر افسر شاہی کا حصہ بننے والے بابوؤں کا ہوشربا حال ان کے ماضی (بشمول سماجی و مالی پس منظر) سے منہ چڑانے کے باوجود احتسابی اداروں اور کرتا دھرتاؤں کو دکھائی کیوں نہیں دیتا؟ یہ سوال بھی جواب کی تلاش میں زمانوں سے بھٹک رہا ہے کہ مقابلے کا امتحان پاس کر کے میدانِ عمل میں آنے والے چند افراد ابتدائی چند برسوں میں ہی مالا مال کیسے ہو جاتے ہیں؟ ان کا رہن سہن ہو یا تام جھام اور ٹھاٹ باٹ' بچوں کی مہنگی ترین تعلیم سے لے کر سیر و تفریح اور غیر ملکی دورے تک' یہ سب دستیاب وسائل اور تنخواہ میں کیونکر ممکن ہیں۔ پرتگال سمیت دیگر ممالک میں شہریت لے کر مال اسباب منتقل کرنے کے قصے کیونکر زبان زدِ عام ہیں۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے تو اسمبلی کے فلور پر جوشِ خطابت میں ان بابوؤں کے سبھی پرچے آؤٹ کر ڈالے تھے لیکن حکومتی ایوانوں سمیت احتسابی ادارے کو نے جھانک کر ہی رہ گئے۔ وزیر دفاع نے ان کے کالے دھن اور غیر ملکی شہریت کے کچے چٹھے کھول ڈالے تھے جبکہ درجنوں بابو تو غیر ملکی زوجیت کے چکر میں مملکتِ خداداد کی قومی سلامتی سے متصادم ایڈونچر بھی کر چکے ہیں لیکن مجال ہے کہ کسی ذمہ دار کے کان پر جوں بھی رینگی ہو۔ انسدادِ کرپشن پر مامور بڑے صاحبان سے التماس ہے کہ جانے مانے اور نامی گرامی اہداف خوف اور بے چینی کے بجائے پُرسکون اور اطمینان سے کیوں پھر رہے ہیں؟ یعنی ایک قلمدان خوف کی علامت ہے تو دوسرے قلمدان کے کرتے دھرتے کڑے سوالات اور سنگین الزامات کے باوجود محض اس لیے بے نیاز دکھائی دیتے ہیں کہ سر پر چھتر چھایا قائم ہے۔ گویا بڑی چھتری کے تلے کرپشن کا تصور بھی محال ہے۔ اس تھوڑے کو زیادہ اور خط کو تار سمجھیں۔

دوسری طرف آئی جی پنجاب نے میڈم چیف منسٹر کے وژن سے ترغیب پکڑے ہوئے پولیس میں انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی کے شعبے کی تنظیم نو کا فیصلہ کرتے ہوئے افسران کے خلاف شکایت پر شفاف اور خودمختار احتساب کا عندیہ دیا ہے۔ آئی جی پنجاب کی نیت اور ارادہ بجا! لیکن یہ سوال تقویت پکڑتا دکھائی دیتا ہے کہ زیرو ٹالرنس کی تلوار تلے صوبے بھر کے تفتیشی افسران چالانوں کی مد میں بھاری نذرانے کس فنڈ سے ادا کریں گے جبکہ مقدمات کی تفتیش کے اخراجات کیلئے بھی سینٹرل پولیس آفس بس ٹوکن اور برائے نام ہی مالی معاونت کرتا ہے۔ رائج طریقہ کار کے مطابق مذکورہ اخراجات کا بوجھ ہمیشہ سے سائل کی جیب پر ڈالا جاتا ہے وہ بھلے مدعی ہو یا ملزم۔ یاد رہے! پنجاب بھر میں لاکھوں مقدمات کے تفتیشی چالانوں کا سالانہ نذرانہ اربوں کھربوں تک جا پہنچتا ہے اور عدم ادائیگی کی صورت میں پراسیکیوشن کا محکمہ چالان وصول کرنے کے بجائے الٹا تفتیشی کے گلے میں طوق بنا کر ڈال دیتا ہے۔ جبری کرپشن کا یہ دروازہ جب تک کھلا ہے پولیس میں احتساب اور انصاف محض بیانوں اور اجلاس میں ہی دکھائی اور سنائی دے گا' یعنی کرپشن واحد آپشن۔ ویسے تھانوں کی تزئین و آرائش پر خرچ ہونے والی رقومات کا بھی فرانزک آڈٹ کرائیں تو انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی کو ٹیسٹ کیس میسر آ سکتا ہے۔ نہ مانے تو کر کے دیکھ۔

انصاف: عدالت سے شہر کی گلی تک

تحریر: محمد بخش کاٹھیا
ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

کبھی کبھی ایک شہری کی خاموش گلیاں بھی عدالت بن جاتی ہیں، سڑکوں پر رینگتی گاڑیوں کی قطاریں ایک مقدمہ بن جاتی ہیں، گٹر کا ابلتا ہوا پانی ایک فریاد بن جاتا ہے، بجلی کی طویل بندش ایک سوال بن کر سامنے آتی ہے اور تعمیراتی گرد میں اسکول جاتے بچے، ملازمت کو پہنچنے کی جلدی میں شہری اور دکان کھولنے کا انتظار کرتا تاجر گویا اس مقدمے کے فریق بن جاتے ہیں۔ سوال صرف یہ نہیں رہتا کہ ریاست ہمیں کیا دے رہی ہے؛ اصل سوال یہ ہوتا ہے کہ ریاست ہمیں وہ بنیادی سہولتیں کیوں نہیں دے رہی جو ایک شہری کی باعزت زندگی کے لیے ضروری ہیں؟ یہی وہ مقام ہے جہاں ایک نہایت خوبصورت قول اپنی پوری معنویت کے ساتھ ہمارے سامنے آتا ہے: society that has more A justice is a society that needs less charity. یعنی جس معاشرے میں انصاف زیادہ ہو، وہاں خیرات کی ضرورت کم ہوتی ہے۔ خیرات کسی ضرورت مند کے لیے وقتی سہارا بن سکتی ہے، مگر انصاف اسے اس کا حق دلاتا ہے۔ اگر ایک مزدور کو اس کی محنت کی پوری اجرت مل جائے تو اسے کسی کے سامنے دستِ سوال دراز کرنے کی ضرورت کم پڑے گی۔ اگر ایک بیوہ کو اس کا قانونی اور شرعی حقِ وراثت مل جائے تو اسے امداد کے لیے دروازے کھٹکھٹانے کی حاجت نہیں رہے گی۔ اگر شہری کو محفوظ مکان، صاف پانی، نکاسی؟ آب، بجلی، تعلیم اور صحت کی بنیادی سہولتیں میسر ہوں تو ریاست کی طرف سے خیرات یا وقتی امداد پر انحصار بھی کم ہوگا۔ اسی لیے ایک فلاحی ریاست کا اصل امتحان یہ نہیں کہ وہ کتنے دسترخوان لگاتی ہے، کتنے راشن تقسیم کرتی ہے یا کتنے امدادی پیکج جاری کرتی ہے؛ اصل امتحان یہ ہے کہ وہ اپنے شہریوں کے حقوق کس حد تک محفوظ کرتی ہے۔ آج فیصل آباد کے شہری اسی سوال سے دوچار ہیں۔ فیصل آباد ایک صنعتی اور تجارتی شہر ہے۔ یہاں ہزاروں خاندانوں کا روزگار کارخانوں، بازاروں، دکانوں، دفاتر، تعلیمی اداروں اور روزمرہ کاروباری سرگرمیوں سے وابستہ ہے۔ شہر میں ترقیاتی منصوبے بلاشبہ ضروری ہیں۔ نئی سڑکیں، میٹرو یا دیگر شہری منصوبے مستقبل کی ضروریات پوری کرنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ ترقی سے کسی کو اختلاف نہیں ہونا چاہیے؛ اختلاف اس وقت پیدا ہوتا ہے جب ترقی کا سفر شہری کی روزمرہ زندگی کو مفلوج کرنے لگے۔ آج شہر کے مختلف علاقوں میں لوڈشیڈنگ کی شکایات، واسا کے مسائل، گندے اور بدبودار پانی کی گلیوں میں موجودگی، نکاسی آب کی ناقص صورتِ حال اور جاری تعمیراتی کاموں کے باعث ٹریفک کے مسائل شہری زندگی کو متاثر کر رہے ہیں۔ اسکول اور کالج جانے والے طلبہ، دفاتر جانے والے ملازمین، عدالتوں اور دیگر اداروں تک پہنچنے والے افراد اور کاروباری حضرات، سب اس صورتِ حال سے متاثر ہوتے ہیں۔ خاص طور پر کاروباری طبقے کے لیے وقت محض وقت نہیں ہوتا؛ وقت سرمایہ ہوتا ہے۔ اگر ایک تاجر کا گاہک ٹریفک جام میں پھنس جائے، اگر مال کی ترسیل مقررہ وقت پر نہ ہو، اگر ملازمین کئی گھنٹے راستے میں ضائع کر دیں یا اگر کسی کاروباری مرکز تک رسائی مشکل ہو جائے تو اس کا نقصان صرف ایک فرد کا نقصان نہیں رہتا، بلکہ پورے شہری معاشی نظام پر اثر انداز ہوتا ہے۔ یہاں قانون کا سوال بھی پیدا ہوتا ہے۔ پاکستان کا آئین شہریوں کے بنیادی حقوق کو محض کتاب کے صفحات تک محدود نہیں کرتا۔ آئین کا آرٹیکل 9A صاف، صحت مند اور پائیدار ماحول کے حق کو تسلیم کرتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ صاف اور صحت مند ماحول کوئی محض انتظامی سہولت یا حکومتی احسان نہیں بلکہ ایک آئینی حق ہے۔ اسی طرح آئین کے آرٹیکل 9 میں زندگی اور شخصی آزادی کے تحفظ کی ضمانت دی گئی ہے۔ عدالتوں نے وقت کے ساتھ حقِ زندگی کے مفہوم کو وسیع کرتے ہوئے انسانی وقار اور صحت مند ماحول جیسے پہلوؤں کو بھی اس تصور سے جوڑا ہے۔ ریاستی ذمہ داری کا مطلب یہ نہیں کہ ہر شہری کو ہر وقت ہر سہولت بلا رکاوٹ میسر رہے گی، لیکن اس کا واضح مطلب یہ ضرور ہے کہ شہری سہولتوں کی منصوبہ بندی، ترقیاتی کاموں کی نگرانی، نکاسی آب، ٹریفک مینجمنٹ، ماحولیاتی تحفظ اور عوامی مفاد کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ ترقی اگر انسانی زندگی کو آسان بنانے کے لیے ہے تو اس کا پیمانہ صرف تعمیر شدہ سڑک یا کھڑا کیا گیا منصوبہ نہیں ہونا چاہیے؛ اس کا اصل پیمانہ یہ ہونا چاہیے کہ اس منصوبے کے بعد شہری کی زندگی کتنی آسان ہوئی۔ یہاں تنقید کا مقصد ترقیاتی منصوبوں کی مخالفت نہیں بلکہ ترقی کے طریقِ کار پر سوال اٹھانا ہے۔ کیا بڑے منصوبوں کے ساتھ متبادل ٹریفک راستوں کا مؤثر انتظام کیا گیا؟ کیا اسکول اور دفتری اوقات میں ٹریفک کے دباؤ کو مدنظر رکھا گیا؟ کیا زیرِ تعمیر سڑکوں اور راستوں کے گرد پیدل چلنے والوں اور موٹر سائیکل سواروں کے لیے محفوظ گزرگاہیں مہیا کی گئیں؟ کیا واسا کے نکاسی آب کے مسائل کو تعمیراتی سرگرمیوں کے ساتھ مربوط انداز میں حل کیا گیا؟ کیا شہریوں کو لوڈشیڈنگ اور دیگر بنیادی سہولتوں کے بارے میں مؤثر اور بروقت معلومات فراہم کی جا رہی ہیں؟ اور سب سے اہم سوال: کیا منصوبہ بندی میں عام شہری کو مرکزِ نگاہ بنایا گیا ہے؟

ریاست کا کام صرف منصوبے بنانا نہیں، نظام بنانا بھی ہے۔ ایک سڑک تعمیر کر دی جائے لیکن نکاسی؟ آب کا نظام تباہ ہو جائے تو یہ مکمل ترقی نہیں۔ ایک بڑا منصوبہ قائم کر دیا جائے لیکن اس کے نتیجے میں شہری کئی کئی گھنٹے ٹریفک میں پھنسے رہیں تو انتظامی منصوبہ بندی پر سوال ضرور اٹھے گا۔ ترقیاتی منصوبوں کے لیے Environmental Impact Assessment، مؤثر ٹریفک مینجمنٹ، مرحل وار تعمیر، مناسب متبادل راستے، شہریوں کو پیشگی اطلاع اور متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط حکمتِ عملی ناگزیر ہونی چاہیے۔ حل بھی مشکل نہیں، اگر ترجیحات درست ہوں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ فیصل آباد میں ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ایک Integrated Urban Management Plan اختیار کیا جائے۔ واسا، ضلعی انتظامیہ، ٹریفک پولیس، متعلقہ ترقیاتی ادارے اور بجلی کی تقسیم کار کمپنی ایک دوسرے سے الگ الگ نہیں بلکہ باہمی رابطے کے ساتھ کام کریں۔ جہاں تعمیراتی کام ہو وہاں متبادل راستے، نکاسیِ آب، صفائی، پیدل گزرگاہ اور ٹریفک کی روانی پہلے سے منصوبہ بند ہو۔ اسکول، کالج، دفاتر اور کاروباری مراکز کے اوقات میں خصوصی ٹریفک مینجمنٹ کی جائے۔ گندے پانی کی شکایات کے لیے مؤثر اور قابلِ نگرانی شکایتی نظام قائم ہو، جس میں شکایت درج ہونے سے لے کر ازالے تک ہر مرحلہ شہری کے لیے قابلِ رسائی ہو۔ سب سے بڑھ کر شفافیت اور جواب دہی ضروری ہے۔ شہری کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ اس کے علاقے میں کون سا منصوبہ جاری ہے، اس کی تکمیل کی متوقع مدت کیا ہے، ذمہ دار ادارہ کون سا ہے اور شکایت کی صورت میں کس سے رجوع کیا جائے۔ یہاں واپس اسی قول کی طرف آنا ضروری ہے جس سے بات شروع ہوئی تھی۔ انصاف صرف اس وقت نہیں ہوتا جب ایک جج عدالت میں بیٹھ کر کسی مقدمے کا فیصلہ سناتا ہے۔ انصاف اس وقت بھی ہوتا ہے جب ایک شہری کو اس کے گھر کے سامنے صاف گلی ملتی ہے، جب بارش کے بعد گٹر کا پانی اس کے گھر میں داخل نہیں ہوتا، جب طالب علم بروقت اپنے تعلیمی ادارے پہنچتا ہے، جب ملازم اپنی ڈیوٹی پر بروقت پہنچتا ہے اور جب ایک تاجر اپنی دکان تک آسانی سے پہنچنے والے گاہک کو خوش آمدید کہتا ہے۔ ریاست اگر شہری کے بنیادی حقوق کی حفاظت کرے گی تو شہری خیرات کا محتاج کم اور باوقار، خودکفیل اور قانون پر اعتماد کرنے والا فرد زیادہ بنے گا۔ ہمیں ایسے معاشرے کی ضرورت نہیں جہاں ہر مسئلے کے بعد امدادی پیکج کا اعلان کیا جائے؛ ہمیں معاشرے کی ضرورت ہے جہاں مسئلہ پیدا ہی اس حد تک نہ ہو کہ شہری کو امداد کا محتاج ہونا پڑے۔ خیرات ہاتھ کو سہارا دیتی ہے، مگر انصاف انسان کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرتا ہے۔ اور شاید ایک بہتر شہری کی تعریف بھی یہی ہے کہ وہاں شہری کو زندہ رہنے کے لیے خیرات نہیں، اپنے حق کے ساتھ جینے کا اطمینان حاصل ہو۔

SHOWBIZ شوبز

ہانیہ عامر کا پہلا گانا پاپلو ریلیز، راکھی ساونت کی بھی سرپرائز انٹری

اداکارہ یہ پیغام دیتی ہیں کہ وہ دوسروں کی منفی باتوں کی پروا نہیں کرتیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کی مقبول اداکارہ ہانیہ عامر نے اداکاری کے بعد اب گلوکاری کی دنیا میں بھی باقاعدہ قدم رکھ دیا ہے اور اپنا پہلا گانا پاپلو ریلیز کر دیا ہے۔ پنجابی ہپ ہاپ گانے کی خاص بات یہ ہے کہ اسے ہانیہ عامر نے خود لکھا اور کمپوز کیا ہے جبکہ گانے میں وہ اپنے ناقدین اور تنقید کرنے والوں کو بھرپور انداز میں جواب دیتی نظر آتی ہیں۔ گانے کا آغاز نرم بیانو دھن سے ہوتا ہے لیکن کچھ ہی دیر بعد گانا تیز رفتار پنجابی ہپ ہاپ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ گانے میں ان لوگوں کا ذکر ہے جو ان کی ظاہری شخصیت اور رویے کی وجہ سے انہیں ٹھیک سمجھتے ہیں۔ گانے کے ذریعے اداکارہ یہ پیغام دیتی ہیں کہ وہ دوسروں کی منفی باتوں کی پروا کرنے کے بجائے اپنی زندگی اپنی مرضی سے جینا اور انجوائے کرنا چاہتی ہیں۔ تاہم گانے کا سب سے بڑا سرپرائز آخر میں سامنے آتا ہے، جب بھارتی اداکارہ اور ریئلٹی ٹی وی اسٹار راکھی ساونت اچانک انٹری دیتی ہیں۔ راکھی ساونت ہانیہ عامر کی خوبصورتی اور اعتماد کی تعریف کرتے ہوئے انہیں شیرنی قرار دیتی ہیں اور انہیں ناقدین کی باتوں سے متاثر نہ ہونے کا مشورہ دیتی ہیں۔ پاپلو ہانیہ عامر کے تقریباً 10 سالہ شوبز کیریئر کا پہلا باقاعدہ میوزک وینچر ہے، جس کے ساتھ اداکارہ نے اپنے کیریئر میں ایک نئے باب کا آغاز کر دیا ہے۔

بلال عباس کی دولہا بنے تصاویر وائرل، سوشل میڈیا پر تہلکہ مچ گیا

بلال عباس نے سفید شیروانی زیب تن کی، جس پر سلور اور سیکوئن ورک کیا گیا تھا

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز کے مقبول اداکار بلال عباس خان کافی عرصے بعد ایک نئے انداز میں منظرِ عام پر آئے تو مداح انہیں دیکھ کر لمحہ بھر کیلئے واقعی ان کی شادی سمجھ بیٹھے۔ بلال عباس معروف فیشن برانڈ ریپبلک بائے عمر فاروق کے نئے نکاح فوٹو شوٹ میں دولہا بنے نظر آئے ہیں۔ فوٹو شوٹ میں بلال عباس نے سفید شیروانی زیب تن کی، جس پر سلور اور سیکوئن ورک کیا گیا تھا جبکہ ان کے ساتھ ماڈل کو آف وائٹ اور سلور عروسی لباس میں دیکھا جا سکتا ہے۔ مسجد میں کیے گئے شوٹ میں دیگر ماڈلز بھی خاندان کے افراد کے روپ میں شامل ہیں جس سے تصاویر کسی حقیقی نکاح کی جھلک پیش کرتی ہیں۔ بلال عباس کی دولہا بنے مسکراتی تصاویر اور ویڈیوز سامنے آتے ہی سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں اور متعدد مداح پہلی نظر میں اسے اداکار کی حقیقی شادی سمجھ بیٹھے۔ ایک مداح نے دلچسپ تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ وہ خوشادی شدہ اور دو بچوں کی ماں ہیں لیکن بلال عباس کو دولہا دیکھ کر انہیں بھی منی ہارٹ اٹیک آ گیا۔ تاہم مداحوں کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں، بلال عباس نے شادی نہیں کی بلکہ ان کا یہ دولہا روپ صرف ایک فیشن فوٹو شوٹ کیلئے تھا۔ واضح رہے کہ عشق مرشد، پیار کے صدقے اور کچھ ان کہی سمیت متعدد مقبول ڈراموں میں اداکاری کے جوہر دکھانے والے بلال عباس گزشتہ کچھ عرصے سے ٹی وی اسکرین، سوشل میڈیا اور شوبز تقریبات میں نسبتاً کم دکھائی دے رہے تھے۔

گوڈزیلا مائنس زیرو کا سنسنی خیز ٹریلر جاری

نیویارک (این این آئی) دنیا کے مشہور دیوہیکل مونسٹر گوڈزیلا کی ایک بار پھر بڑی اسکرین پر واپسی ہونے والی ہے، فلم گوڈزیلا مائنس زیرو کا نیا ٹریلر جاری کر دیا گیا۔ یہ فلم آسکر ایوارڈ یافتہ گوڈزیلا مائنس ون کا سیکوئل ہے جس کی ہدایت کاری ایک بار پھر تاکاشی یاماذا کی کر رہے ہیں جبکہ فلم کے ویژول ایفیکٹس کی نگرانی بھی انہی کے ہاتھ میں ہے۔ نئی فلم کی کہانی 1949 میں شروع ہو گی، یعنی پہلی فلم کے واقعات کے دو سال بعد، جہاں شکیشیما خاندان کو ایک نئی اور پہلے سے بڑی تباہی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ صرف 30 سیکنڈ کے ٹریلر نے مداحوں کی دلچسپی مزید بڑھا دی ہے، کیونکہ اس میں گوڈزیلا کے ساتھ فرنچائز کے مشہور دیوہیکل مونسٹر کنگ گھیڈورا کی ممکنہ موجودگی کا اشارہ بھی دیا گیا ہے، تاہم اس کی باضابطہ تصدیق نہیں کی گئی۔ فلم کا ورلڈ پریمیئر 26 ستمبر کو نیویارک فلم فیسٹیول میں ہوگا، جس کے بعد فلم 3 نومبر کو جاپان اور 6 نومبر کو شمالی امریکا میں بڑے پیمانے پر ریلیز کی جائے گی۔

اگر کام میرٹ پر دیا جائے گا تو مجھے بھی موقع ملے گا، حنا دلپذیر

میرے خیال سے لابی سسٹم بہت مضبوط ہے، سب کو اپنی اپنی پسند کے لوگ چاہیے ہیں

لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ حنا دلپذیر انڈسٹری میں میرٹ کی بنیاد پر کام نہ ملنے سے نالاں ہیں۔ حال ہی میں حنا دلپذیر نے ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی جہاں انہوں نے اپنے کام اور انڈسٹری سے متعلق مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔ میزبان کی جانب سے سینئر اداکارہ سے سوال پوچھا گیا کہ کیا آپ کو سنجیدہ اسکرپٹ آفر نہیں ہو رہے یا آپ کام کرنا نہیں چاہ رہیں؟ اس پر حنا نے کہا کہ مجھے سنجیدہ اور اچھے اسکرپٹ آفر ہی نہیں ہوتے، اس کی وجہ میں ڈھونڈ رہی ہوں لیکن مل نہیں رہی۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ میرے خیال سے لابی سسٹم بہت مضبوط ہے، سب کو اپنی اپنی پسند کے لوگ چاہیے ہیں، ہر چینل کے 6، 7 لوگ ہیں جو عیدالفطر کے پروگرام میں سفید اور عیدالاضحیٰ پر کالی شیروانی پہن کر بیٹھ جاتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کبھی کوئی اچھا وقت آئے گا اور کام میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے گا تو شاید مجھے بھی موقع دیا جائے۔

دریشم: دی کنکلوژن 2 اکتوبر کو سینما گھروں کی زینت بنے گی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی مقبول ترین کرائم تھرلر فلم دریشم کے مداحوں کے لیے بڑی خوشخبری ہے کہ فلم کے تیسرے اور آخری حصے دریشم: دی کنکلوژن کا ٹریلر جاری کر دیا گیا ہے جس نے ریلیز سے پہلے ہی فلم بینوں کی توجہ حاصل کر لی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سسپنس سے بھری ایک عام والد کی کہانی جس کی فلم دیکھنے کی عادت نے اسے اپنے خاندان کی حفاظت میں مدد لی۔ جب اس کی فیملی قتل جیسی ایک مصیبت میں پھنسی۔ دریشم 3 میں بھی اجے دیوگن ایک بار پھر وجے سالگاں کر کے کردار میں ہیں لیکن اس مرتبہ ان کے لیے پولیس اور تفتیش سے اپنے اہل خانہ کو محفوظ رکھنا پہلے سے بہت زیادہ مشکل کام ہوگا۔ فلم کی کہانی ایک مرتبہ پھر وجے کی اس کوشش کے گرد گھومتی ہے کہ وہ اپنے خاندان کو قانون کے شکنجے سے بچانے کے لیے اپنی ذہانت اور چالاکی کا استعمال کیسے کرتا ہے۔ تاہم اس بار تفتیش کا دائرہ مزید وسیع اور خطرہ پہلے سے کہیں بڑا دکھائی دے رہا ہے۔ ٹریلر کی ریلز پر اجے دیوگن نے مداحوں کی بے تابی کو یہ بیان دیکر مزید بڑھا دیا ہے کہ دریشم 3 کی کہانی موہن لال کی دریشم 3 سے بالکل مختلف ہوگی جو کہ ساتھ انڈین مووی ہے۔ اجے دیوگن کو ایک جانب دریشم اور دریشم 2 کی طرح اس سیکوئیل میں بھی اداکار تبو کی جاندار پرفارمنس کا سامنا ہے وہیں کرائم برانچ کے ایس پی جیدیپ اہلاوت نیا خطرہ بن کر سامنے آئے ہیں۔ فلم میں ایک جاندار کردار وکیل کا بھی جسے اداکار پرکاش راج نبھا رہے ہیں۔ جو وجے (اجے دیوگن) کے خلاف قانونی جنگ کو مزید دلچسپ بنا سکتے ہیں۔

مومنہ کو دیکھتے ہی پہلی نظر میں پیار ہو گیا تھا، ثاقب چدھڑ

میں مومنہ اقبال کے ساتھ کسی تعلق کے بجائے براہِ راست شادی کرنا چاہتا تھا

لاہور (این این آئی) اداکارہ مومنہ اقبال کی جانب سے ہراسانی کے الزامات کے بعد خبروں میں رہنے والے مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی ثاقب چدھڑ نے اب اداکارہ سے متعلق اپنے ماضی کے جذبات کا انکشاف کر دیا۔ صحافی ارشاد بھٹی کو دیے گئے انٹرویو میں ثاقب چدھڑ نے بتایا کہ انہوں نے مومنہ اقبال کو پہلی مرتبہ ایک شادی کی تقریب میں دیکھا تھا اور انہیں دیکھتے ہی پسند کر لیا تھا۔ چند ہی منٹوں میں انہوں نے مومنہ سے شادی کرنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ لگی رہنما نے دعویٰ کیا کہ وہ مومنہ اقبال کے ساتھ کسی تعلق کے بجائے براہِ راست شادی کرنا چاہتے تھے، اسی لیے انہوں نے انہیں شادی کی پیشکش بھی کی۔ ثاقب چدھڑ نے یہ بھی اعتراف کیا کہ اس وقت ان کی پہلے سے دو شادیاں تھیں اور ان کی دونوں اہلیہ مومنہ اقبال سے شادی کی خواہش سے واقف تھیں۔ مومنہ بھی ان کی دونوں شادیوں کے بارے میں جانتی تھیں۔ واضح رہے کہ مومنہ اقبال اور ثاقب چدھڑ کے درمیان گزشتہ

بقیہ 1

ہائی کمیشن کے سینئر پولیٹیکل ایڈوائزر اویس شاہ بھی موجود تھے۔ برطانوی ہائی کمیشن لاہور کے سربراہ بین وارنگٹن نے ثقافتی شعبے میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے اقدامات کو سراہا اور پنجاب میں محفوظ بسنت میلے کے کامیاب انعقاد کا خیرمقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ثقافتی میلوں کی بحالی کے لیے بہت اچھے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مجھے ذاتی طور پر پنجاب کی شاندار ثقافت کے بارے میں جاننے میں لطف آتا ہے۔ انہوں نے الحمرا آرٹس کونسل کی تزئین و آرائش کے منصوبے کو قابلِ تعریف قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ پنجاب میں بسنت 2027 کے حوالے سے بہت پرجوش ہیں، گزشتہ سال بھی لاہور میں بہت اچھی بسنت منائی گئی۔ وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب میں تھیٹر کی بحالی وزیراعلیٰ مریم نواز کا مشن ہے۔ پنجاب میں فیملی تھیٹر کو بحال کیا جا رہا ہے جبکہ تھیٹر کی بحالی اور فحاشی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیحات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تھیٹر کی بحالی کے فروغ کے لیے الحمرا میں کامیاب اسٹیج ڈرامے پیش کیے گئے ہیں۔ الحمرا کے تھیٹر ڈراموں میں خاندانوں کی بڑی تعداد میں شرکت عوامی پذیرائی کا ثبوت ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان ثقافتی روابط کو مزید فروغ دینے کے لیے کوشاں ہیں۔ پنجاب اور برطانوی ہائی کمیشن لاہور مل کر ثقافت کے شعبے میں کام کر سکتے ہیں۔ انہوں نے برطانوی ہائی کمیشن لاہور کے سربراہ بین وارنگٹن کو کلچر فیسٹیول میں شرکت کی دعوت بھی دی۔ ملاقات کے اختتام پر وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے برطانوی ہائی کمیشن لاہور کے سربراہ بین وارنگٹن کو یادگاری تحفہ پیش کیا۔

بقیہ 2

معاملات، فلور ایریا ریشو (FAR) چارجز، پارکنگ کی شرائط اور دیگر کاروباری مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وفد نے وزیر مملکت کو ہیمبر نرسری میں پیش آنے والے افسوسناک آتشزدگی کے واقعے کے بعد کمرشل پلازوں کی سیلنگ سے پیدا ہونے والی صورتحال پر تاجر برادری کے تحفظات سے آگاہ کیا۔ آئی سی سی آئی نے مؤقف اختیار کیا کہ فائر سیفٹی اور عوامی تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے، تاہم کارروائی سے قبل کاروباری اداروں کو متعلقہ حفاظتی نقائص اور مطلوبہ اقدامات سے واضح طور پر آگاہ کیا جائے تاکہ قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے ضروری اصلاحات کی جا سکیں۔ وفد نے اس امر پر بھی زور دیا کہ FAR چارجز، پارکنگ ریکوائرمنٹس اور دیگر سی ڈی اے معاملات میں پالیسی کی وضاحت اور یکساں نفاذ ضروری ہے، تاکہ کاروباری برادری کو غیر یقینی صورتحال کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ تاجر برادری سے متعلق تمام معاملات کو آئی سی سی آئی کے ذریعے ون ونڈو بنیاد پر متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھایا اور فالو اپ کیا جائے گا، جس سے مسائل کی نشاندہی، متعلقہ اداروں تک رسائی اور ان کے حل کے عمل میں بہتری آئے گی۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ حکومت کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کے لیے کاروبار دوست اپروچ پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کرتی ہے اور اس کے جائز مسائل کو متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطے کے ذریعے حل کیا جائے گا۔ صدر آئی سی سی آئی سردار طاہر محمود نے کہا کہ تاجر برادری قوانین اور سیفٹی اسٹینڈرڈز پر عمل درآمد کی حامی ہے، تاہم ریگولیٹری نظام ایسا ہونا چاہیے جو کاروبار کو سہولت دے، واضح رہنمائی فراہم کرے اور غیر ضروری رکاوٹوں سے بچائے۔ سردار طاہر محمود نے وزیر مملکت کے مثبت رویّے کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ طے شدہ ون ونڈو رابطہ کاری کے نتیجے میں سیلنگ اور دیگر سی ڈی اے سے متعلق مسائل کے حل میں تیزی آئے گی۔ وفد میں آئی سی سی آئی کے نائب صدر عرفان چوہدری، سابق صدر محمد اعجاز عباسی، ایگزیکٹو ممبر عمران منہاس اور سابق سینئر نائب صدر خالد چوہدری بھی شامل تھے۔

بقیہ 3

فعالیت اور جاری منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو وزیراعلیٰ پنجاب صاف پانی پروگرام فیز ون پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اس منصوبے کے تحت راولپنڈی ڈویژن میں 30 نومبر 2026 تک 706 فلٹریشن پلانٹس لگائے جائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع راولپنڈی میں 175، جہلم میں 142، اٹک میں 207، چکوال میں 73، مری میں 28 اور تلہ گنگ میں 75 پلانٹس لگائے جائیں گے۔ وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین نے ہدایت کی کہ ان نئے لگنے والے والے پلانٹس کے علاوہ پہلے سے موجود پلانٹس کو فعال رکھا جائے اور تمام پلانٹس کی مشینری، فلٹرز، بجلی، پانی کے معیار اور دیگر ضروری سہولیات کا مکمل جائزہ لے کر ضروری اقدامات کیے جائیں۔ صوبائی وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین نے کہا کہ صاف پانی کی فراہمی کے منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام جاری کام مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں اور جہاں کام کی رفتار سست ہے وہاں فوری طور پر رکاوٹیں دور کی جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب کے ساتھ ساتھ ان کی مستقل بنیادوں پر دیکھ بھال اور فعالیت کا مؤثر نظام بھی یقینی بنایا جائے۔ صوبائی وزیر نے ہدایت کی کہ تمام اضلاع میں واٹر فلٹریشن پلانٹس کا جامع ڈیٹا مرتب کیا جائے، غیر فعال پلانٹس کی وجوہات کی نشاندہی کر کے بحالی کے لیے واضح ٹائم لائن مقرر کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ ضلعی انتظامیہ اور محکمے باہمی رابطے کے ذریعے پلانٹس کی مانیٹرنگ کریں اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے مؤثر میکنزم وضع کیا جائے۔ اسکے علاوہ پانی کے معیار کی باقاعدہ لیبارٹری ٹیسٹنگ کو یقینی بنایا جائے اور ٹیسٹ رپورٹس کا ریکارڈ محفوظ رکھا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ فلٹریشن پلانٹس کے فلٹرز اور دیگر آلات کی بروقت تبدیلی اور مرمت کے لیے باقاعدہ مینٹیننس شیڈول تیار کیا جائے تاکہ پلانٹس مسلسل فعال رہیں۔

بقیہ 4

اور بینظیر نشوونما پروگرام سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹریٹ خالد نے کہا کہ متعلقہ صوبائی محکموں کے ساتھ ڈیٹا شیئرنگ سے مستحق افراد کی نشاندہی اور پروگراموں کے فوائد درست افراد تک پہنچانے میں مدد ملے گی، جبکہ مختلف محکموں کے درمیان بہتر رابطے سے وسائل کے مؤثر استعمال کو بھی یقینی بنایا جا سکے گا۔ ملاقات میں بی آئی ایس پی اور صوبائی محکموں کے درمیان کوآرڈینیشن مضبوط بنانے، ڈیٹا کی بنیاد پر مستحق افراد تک سماجی تحفظ کے پروگراموں کے فوائد پہنچانے اور انسانی ترقی کے مختلف اقدامات پر مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ بعد ازاں چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے صوبائی وزیر صحت خلیق الرحمٰن اور سیکرٹری صحت خیبر پختونخوا فیاض علی شاہ سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں بینظیر نشوونما پروگرام، ماں اور بچے کی صحت و غذائیت اور بچوں میں غذائی کمی اور نشوونما میں کمی (Stunting) کے مسائل پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ سیکرٹریٹ رویبنہ خالد نے ماں اور بچے کی صحت و غذائیت کو بہتر بنانے کے لیے بی آئی ایس پی اور محکمہ صحت کے درمیان مضبوط رابطہ کاری اور مشترکہ اقدامات کی اہمیت پر زور دیا۔ صوبائی وزیر صحت اور سیکرٹری صحت نے بینظیر نشوونما پروگرام کے مؤثر نفاذ اور ماں اور بچے کی صحت و غذائیت کو بہتر بنانے کے لیے بی آئی ایس پی کے ساتھ تعاون جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل بی آئی ایس پی

بقیہ 5

کردی گئیں۔ سی ڈی اے کے متعلقہ ونگ کی جانب سے کارروائی سے قبل عمارتوں کے مالکان اور متعلقہ افراد کو قانون کے مطابق نوٹسز جاری کیے گئے تھے۔ نوٹسز میں دی گئی مہلت کی مدت ختم ہونے کے بعد غیر قانونی تعمیرات اور خلاف ورزیوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ سی ڈی اے کے مطابق، ان کارروائیوں کا مقصد ایسی تمام کمرشل عمارتوں اور یونٹس کے خلاف قانونی اقدامات کرنا ہے جنہوں نے سی ڈی اے سے منظور شدہ بلڈنگ پلان حاصل نہیں کیا یا جن کی باقاعدہ منظوری، رجسٹریشن اور دیگر لازمی قانونی تقاضوں کی تکمیل نہیں کی گئی۔ ابتدائی جائزے کے مطابق بعض عمارتوں میں تعمیراتی نقشوں کی منظوری، فائر سیفٹی سرٹیفکیشن اور دیگر لازمی ضابطہ جاتی تقاضوں کی خلاف ورزیاں پائی گئی ہیں۔ اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ منصوبہ فیض آباد تا کورال تقریباً 9.3 کلومیٹر طویل دو طرفہ تین رویہ کیرج وے کی تعمیر پر مشتمل ہے۔ اس منصوبے کا مقصد شہر میں ٹریفک کے بہاؤ کو بہتر بنانا، شہریوں کو محفوظ اور بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا اور دارالحکومت اسلام آباد کی جدید ضروریات کے مطابق بنیادی ڈھانچے کو ترقی دینا ہے۔ سی ڈی اے دارالحکومت میں غیر قانونی تعمیرات، تجاوزات، بلڈنگ ہائی لاز کی خلاف ورزیوں اور نان کنفرمنگ یوز کے خلاف بھرپور کارروائیاں کر رہا ہے۔ ایسی کمرشل عمارتیں اور یونٹس جنہوں نے سی ڈی اے سے بلڈنگ پلان کی باقاعدہ منظوری حاصل نہیں کی یا رجسٹریشن اور ریگولرائزیشن کے لازمی مراحل مکمل نہیں کیے، ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جا رہی ہے۔ سی ڈی اے کے مطابق، غیر قانونی اور نان کنفرمنگ یوز کی حامل عمارتوں کی وجہ سے سرکاری واجبات، منظوری فیس، ریگولرائزیشن فیس اور دیگر قانونی ادائیگیوں کی عدم وصولی کے باعث سرکاری خزانے کو مالی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ مزید برآں، فائر سیفٹی کے ناقص انتظامات شہریوں کی جان و مال کے لیے سنگین خطرات کا باعث بن سکتے ہیں۔ سی ڈی اے نے واضح کیا ہے کہ بلڈنگ کنٹرول اینڈ ہاؤسنگ ونگ کی جانب سے اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ پر نان کنفرمنگ یوز، غیر قانونی تعمیرات اور بلڈنگ بائی لاز کی خلاف ورزیوں کے خلاف کارروائیاں قانون کے مطابق بلاتفریق کی گئیں۔ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ، تعمیراتی قوانین پر عمل درآمد اور اسلام آباد کے منظم و محفوظ شہری ماحول کو یقینی بنانا سی ڈی اے کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 6

محنت کش طبقے کی فلاح و بہبود کو اپنی ترجیحات میں شامل کیا ہے۔ حکومت پنجاب کی جانب سے مزدوروں اور ان کے خاندانوں کو مالی معاونت، صحت، تعلیم، رہائش اور سماجی تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا وژن ہے کہ جو لوگ پنجاب کی معیشت کو اپنی محنت کر کے مضبوط بناتے ہیں، ان کے خاندان بھی باعزت اور خوشحال زندگی گزاریں۔ صنعتی کارکنان کے ویلفیئر کرائس کے چیکس کئی سالوں سے التواء کا شکار تھے، جس کے باعث محنت کش معاشی طور پر مشکلات کا شکار تھے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایات پر سالہا سال سے التواء کا شکار ویلفیئر کرائس کے چیکس کا اجراء کیا گیا ہے اور آج کے دن 90 لاکھ روپے مالیت کے 130 چیکس کارکنان میں تقسیم کیے گئے ہیں۔ ان اقدامات سے محنت کش طبقے کے معاشی مسائل میں کمی آئے گی۔ عبدالرحمٰن، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ورکرز ویلفیئر فنڈ لاہور نے کہا کہ حکومت پنجاب محنت کشوں کے لیے نہ صرف معاشی اقدامات کر رہی ہے بلکہ محنت کشوں کے بچوں کے لیے ورکرز ویلفیئر سکول بھی کھولے گئے ہیں، جہاں ان کے بچوں کو معیاری تعلیم دی جا رہی ہے۔ ملک ابرار احمد، ایم این اے نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مریم نواز شریف عظیم وزیراعلیٰ پنجاب ہیں اور پنجاب کو مثالی صوبہ بنانے کے لیے کوشاں ہیں۔ محنت کشوں کی فلاح و بہبود ان کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ مزدور طبقے کی زندگیوں میں خوشحالی آئے اور زندگی آسان ہو۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر راولپنڈی غلام شبیر نے کہا کہ حکومت پنجاب محنت کشوں کی مالی معاونت اور سماجی تحفظ کے ساتھ ساتھ ان کے قانونی حقوق کے لیے بھی کوشاں ہے۔ حکومت پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن پر عمل درآمد کروانے کے لیے ڈائریکٹوریٹ آف لیبر ویلفیئر راولپنڈی کی فیلڈ فورس متحرک ہے اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف تادیبی کارروائیاں کی جا رہی ہیں۔ جام آفتاب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو راولپنڈی نے کہا کہ صنعتی کارکنان ملکی معیشت کا پہیہ رواں رکھے ہوئے ہیں۔ ان کو ان کی محنت کا صلہ ملنا چاہیے تاکہ وہ دلجمعی سے کام کریں اور ملک کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں۔

بقیہ 7

ملکیت کا بروقت اجراء، زیر التواء انتقالات اور وراثت کے مقدمات کو جلد از جلد نمٹانا تھا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر مری نے فیلڈ اسٹاف کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ دفاتر میں آنے والے سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے اور تمام ریونیو امور کو مکمل میرٹ اور شفافیت کے ساتھ مقررہ مدت میں طے کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور پٹواری کلچر میں بہتری لانا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ کیپٹن (ر) ارشاد اقبال نے لینڈ ریکارڈ کی درستگی، سرکاری اراضی کے تحفظ اور ناجائز تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ غفلت برتنے والے عملے کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 8

نے کمشنر آفس راولپنڈی میں راولپنڈی رنگ روڈ جائزہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کنسالیڈیشن منصور خان، ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے، آر ڈی اے، ایس ای C&W ودیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ کمشنر راولپنڈی سلمان غنی نے مزید کہا کہ راولپنڈی رنگ روڈ منصوبہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے راولپنڈی کے عوام کے لیے ایک بڑا تحفہ ہے۔ اس منصوبے سے نہ صرف ٹریفک روانی بہتر ہوگی بلکہ معاشی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ تمام انٹرچینجز، سروس روڈز اور انکروچمنٹ کا جائزہ مکمل کیا جائے۔ منصوبے کے ساتھ منسلک تمام سڑکوں کو ٹریفک کے لیے قابل استعمال بنایا جائے۔ رنگ روڈ منصوبے کے ساتھ گرین بیلٹ اور شجرکاری کی جائے تاکہ ماحولیاتی آلودگی میں کمی لائی جا سکے۔ رنگ روڈ پر سی ٹی وی کیمرے اور ایمرجنسی رسپانس سسٹم فعال کیا جائے۔ کمشنر سلمان غنی نے کہا کہ انتظامیہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق اس میگا پراجیکٹ کی تکمیل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ منصوبے کے افتتاح سے قبل تمام تکنیکی اور حفاظتی امور کو حتمی شکل دی جائے تاکہ شہریوں کو ایک معیاری اور محفوظ سہولت فراہم کی جا سکے۔

بقیہ 9

ڈی کو روزانہ کی بنیاد پر جاری زیرو ویسٹ صفائی آپریشن، ورکرز کی حاضری، ویسٹ لفٹنگ، شہری شکایات کے بروقت ازالے اور دیگر آپریشنل امور کے حوالے سے بریفنگ دی۔ علاقہ مکینوں نے ایم ڈی کی جانب سے گلیوں میں جا کر صفائی صورتحال کا جائزہ لینے اور ورکرز و شہریوں سے براہِ راست گفتگو کو سراہتے ہوئے کہا کہ صفائی کے معیار میں مزید بہتری کے لیے فیلڈ مانیٹرنگ کا عمل جاری رہنا چاہیے اور شہری شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جائے۔ رانا ساجد صفدر نے شہریوں کی تجاویز کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ صاف ستھرے اور زیرو ویسٹ شہر کے قیام کے لیے شہریوں کا تعاون انتہائی ضروری ہے۔ شہری روزانہ کی صفائی سرگرمیوں پر نظر رکھیں، صفائی عملے کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی شکایت کی صورت میں فوری طور پر SPA راولپنڈی کو آگاہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ صفائی ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، شہریوں، ائمہ کرام اور صفائی عملے کے باہمی تعاون سے نہ صرف راولپنڈی کو زیرو ویسٹ سٹی بنایا جا سکتا ہے بلکہ اندرونِ سموگ کے اقدامات کو بھی مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ جمعہ کے روز ایس پی اے راولپنڈی کی کمیونیکیشن ٹیم کی جانب سے شہر کی جامع مساجد میں صفائی اور اندرونِ سموگ آگاہی مہم بھی جاری رہی۔ ٹیم نے نمازیوں میں آگاہی پمفلٹس تقسیم کیے اور ائمہ کرام سے ملاقاتیں کر کے انہیں صفائی کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا کردار ادا کرنے کی درخواست کی۔ کمیونیکیشن ٹیم نے ائمہ کرام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صفائی نصف ایمان ہے اور صاف ستھرا ماحول ہر شہری کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ شہری کچرا سڑکوں، گلیوں اور نالوں میں پھینکنے سے گریز کریں، جبکہ سموگ کے خاتمے کے لیے کچرا جلانے سے مکمل اجتناب کیا جائے۔ ائمہ کرام سے اپیل کی گئی کہ وہ اپنے خطابات میں نمازیوں کو صفائی، مناسب ویسٹ ڈسپوزل اور اندرونِ سموگ کے حوالے سے آگاہی دیں اور ایس پی اے راولپنڈی کی صفائی مہم میں بھرپور تعاون کریں۔

بقیہ 10

اور مختلف سیاسی و ترقیاتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعلیٰ سے ملاقات کرنے والوں میں ولایت شاہ، قاسم ندیم، ارشد ملک، ندیم اسلم لودھی، رانا ریاض احمد اور محمد حنیف شامل تھے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے گفتگو کرتے ہوئے ساہیوال میں جلد 14 مزید الیکٹروبسیں مہیا کرنے کا اعلان کیا اور ارکان اسمبلی کو ساہیوال میں جاری ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کے معیار اور شفافیت پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت بھی کی۔ صوبائی ارکان اسمبلی نے وزیراعلیٰ کی عوامی خدمت کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ساہیوال شہر کی ہیوٹیفکیشن کو شاندار اور تاریخی اقدام قرار دیا۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے پنجاب ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کے تحت چھوٹے بڑوں شہروں اور دیہات کے ڈویلپمنٹ پراجیکٹس پر خراج تحسین پیش کیا۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے ساہیوال ڈویژن کیلئے 10 جدید ترین 'نواز شریف سکولز آف ایمینس کے اقدام کو بھی سراہا اور ساہیوال اور دیگر شہروں میں سیوریج اور ڈرینج کے پراجیکٹس پر اظہار تشکر کیا ہے۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے کہا کہ یہ امر خوش آئند ہے کہ پہلی مرتبہ عوام کے حقیقی مسائل کو حل کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ ساہیوال میں الیکٹروبس کا اجرا قابل تحسین اور قابل تقلید اقدام ہے۔ ساہیوال کے مختلف علاقوں بشمول عارف والا بائی پاس، یوسف والا، نور شاہ، کے ایف سی بائی پاس، جنرل بس سٹینڈ تا کمیر، اڈہ سمیل، بالا موڑا الیکٹروبس ہزاروں لوگوں کو سہولت مہیا کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے ملاقات کے دوران ارکان اسمبلی کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کو بڑوں شہروں سے نکال کر گاؤں کی سطح پر لے آئے ہیں۔ نواز شریف سکولز آف ایمینس میں غریب اور امیر کے بچوں کو ترقی کے یکساں مواقع میسر آئیں گے۔ نواز شریف سکول آف ایمینس کا معیار کسی بھی اچھے اور بڑے پرائیویٹ سکول سے کم نہیں ہوگا۔

بقیہ 11

ہائی کمیشن کے سینئر پولیٹیکل ایڈوائزر اویس شاہ بھی موجود تھے۔ برطانوی ہائی کمیشن لاہور کے سربراہ بین وارنگٹن نے ثقافتی شعبے میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے اقدامات کو سراہا اور پنجاب میں محفوظ بسنت میلے کے کامیاب انعقاد کا خیرمقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ثقافتی میلوں کی بحالی کے لیے بہت اچھے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مجھے ذاتی طور پر پنجاب کی شاندار ثقافت کے بارے میں جاننے میں لطف آتا ہے۔ انہوں نے الحمرا آرٹس کونسل کی تزئین و آرائش کے منصوبے کو قابلِ تعریف قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ پنجاب میں بسنت 2027 کے حوالے سے بہت پرجوش ہیں، گزشتہ سال بھی لاہور میں بہت اچھی بسنت منائی گئی۔ وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب میں تھیٹر کی بحالی وزیراعلیٰ مریم نواز کا مشن ہے۔ پنجاب میں فیملی تھیٹر کو بحال کیا جا رہا ہے جبکہ تھیٹر کی بحالی اور فحاشی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیحات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تھیٹر کی بحالی کے فروغ کے لیے الحمرا میں کامیاب اسٹیج ڈرامے پیش کیے گئے ہیں۔ الحمرا کے تھیٹر ڈراموں میں خاندانوں کی بڑی تعداد میں شرکت عوامی پذیرائی کا ثبوت ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان ثقافتی روابط کو مزید فروغ دینے کے لیے کوشاں ہیں۔ پنجاب اور برطانوی ہائی کمیشن لاہور مل کر ثقافت کے شعبے میں کام کر سکتے ہیں۔ انہوں نے برطانوی ہائی کمیشن لاہور کے سربراہ بین وارنگٹن کو کلچر فیسٹیول میں شرکت کی دعوت بھی دی۔ ملاقات کے اختتام پر وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے برطانوی ہائی کمیشن لاہور کے سربراہ بین وارنگٹن کو یادگاری تحفہ پیش کیا۔

بقیہ 12

علاقائی سلامتی کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ سلامتی کونسل کا سعودی عرب پر حوثی حملے کے حوالے سے ہنگامی اجلاس ہوا جس میں پاکستان نے سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری، علاقائی سالمیت کی مکمل حمایت کی اور کہا کہ سعودی عرب کو اپنے شہریوں، رہائشیوں اور قومی اثاثوں کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کا جائز حق حاصل ہے۔ پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا کہ یمن کی صورتحال کو انتہائی تشویشناک اور خطرناک مرحلے میں داخل ہو چکی ہے، یمن کی صورتحال پر گہری تشویش ہے، بحیرہ احمر میں تجارتی جہازوں پر حوثی حملے باعث تشویش ہیں۔ عاصم افتخار نے کہا کہ یمن میں مزید کشیدگی روکنے اور سفارت کاری کے لیے گنجائش برقرار رکھنا ضروری ہے، اقوام متحدہ کی سرپرستی میں یمنی قیادت پر مبنی سیاسی عمل کی حمایت کرتے ہیں۔ پاکستان کے اقوام متحدہ میں مستقل مندوب نے کہا کہ ہم سلامتی کونسل میں جاری اختلافات اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے تعطل پر بدستور تشویش رکھتے ہیں، جس نے کونسل کے ذیلی اداروں کے کام کو بھی متاثر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ رکن ممالک اتحاد کا مظاہرہ کریں گے، اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کریں گے اور اس پیچیدگی پر قابو پانے کے لیے مشترکہ کوششیں کرتے ہوئے بین الاقوامی امن و سلامتی کے تحفظ کے لیے ایک مشترکہ مقصد پر متفق ہوں گے۔ سفیر پاکستان نے کہا کہ ہم خطے اور اس سے باہر امن و سلامتی کے وسیع تر مقاصد کے حصول کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ یاد رہے کہ سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس یمن کی تازہ صورتحال اور خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں طلب کیا گیا تھا، جہاں پاکستان نے سعودی عرب کے حقِ دفاع اور علاقائی سلامتی کے حوالے سے اپنے واضح مؤقف کا اعادہ کیا

بقیہ 13

حتمی اور باقاعدہ اعلان مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی کے اجلاس کے بعد ہی کیا جائے گا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ساحلی علاقوں میں چاند عام آنکھ سے دیکھا جا سکے گا جبکہ دیگر علاقوں میں اس کی رویت کے لیے دوربین کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

بقیہ 14

خیبر پختونخوا الف جان آفریدی بھی موجود تھے۔

بقیہ 15

مینوفیکچرنگ لائسنسز کے لیے رجسٹریشن کا عمل جاری ہے جبکہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو مینوفیکچررز کی فیلڈ ویریفکیشن کے لیے متحرک کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی ہے کہ اسسٹنٹ کمشنرز مینوفیکچررز کے کوائف کی جانچ اور مقامات کے معائنے کا عمل فوری مکمل کریں۔ صرف ان مینوفیکچررز کو لائسنس جاری کیے جائیں گے جو تمام قانونی تقاضے اور مقررہ معیار پورا کریں گے۔ کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے کہا کہ لائسنسنگ کے عمل میں مکمل شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے گا جبکہ کسی بھی مینوفیکچرر کو مقررہ معیار پر سمجھوتے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ غیر قانونی مواد تیار کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ شہریوں کو محفوظ تفریحی ماحول فراہم کرنے اور بسنت 2026ء کے ثقافتی ایونٹ کو محفوظ بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گی۔

بقیہ 16

چوتھے جائزے پر تفصیلی بات چیت کی جائے گی تاکہ معاشی اہداف کا تعین کیا جا سکے اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ مذاکرات کے دوران ایک ارب 40 کروڑ ڈالر کے موسمیاتی تبدیلی سے متعلق آر ایس ایف پروگرام کے تیسرے جائزے پر بھی بات چیت ہوگی، اس اہم عمل میں ای ایف ایف اور آر ایس ایف پروگرام کے جائزے کے لیے پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان بیک وقت مذاکرات منعقد کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات میں گزشتہ مالی سال کی دوسری ششماہی جنوری تا جون 2026 کے دوران پاکستان کی معاشی کارکردگی کا جائزہ بھی لیا جائے گا۔ علاوہ ازیں پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ہونے والے ان مذاکرات میں دونوں پروگرام مز پر اب تک کی پیش رفت پر بھی تفصیلی غور و خوض کیا جائے گا۔

بقیہ 17

مشاورت ہوئی، پی ٹی آئی کو 27 ستمبر کے لیے بھرپور تیاری کی ہدایت کی گئی۔ ملک کے بگڑتے حالات پر تمام جماعتوں سے رابطہ کر کے اے پی سی بلانے کا فیصلہ کیا گیا، 15 ستمبر کو تحریک تحفظ آئین کا اجلاس ہوگا اور اے پی سی تیاریوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن لیڈر نے وزیراعظم کے خط کا جواب دے دیا اور وزیراعظم سے مشاورت کیلئے دن اور وقت مانگ لیا۔ اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن رہنماؤں کی مشاورت کے بعد خط کا جواب دیا۔

بقیہ 18

صورتحال اور مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے، آر ایل این جی کی ترسیل میں تعطل سے نمٹنے کے لئے فوری اقدامات لئے جائیں۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ تمام موجود وسائل کا موثر استعمال کیا جائے تاکہ کسی علاقے میں دو گھنٹے سے زیادہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ نہ ہو۔ وزیراعظم نے ملک بھر میں بجلی کی ترسیل اور دیگر تمام مسائل سے متعلق عوامی شکایات کے ازالے کے لئے ڈسٹرکٹ کی سطح پر کنزیومر گریونیس ریڈریسل کمیٹیاں قائم کرنے کے احکامات جاری کئے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ریڈریسل کمیٹی میں عوامی نمائندگی بھی ہونی چاہیے، ایک ہفتے کے اندر گریونس کمیٹیوں کو فعال کیا جائے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ہیلپ لائین نمبر 118 کے ذریعے بجلی صارفین اپنی شکایات درج کروا سکتے ہیں، شکایت درج کروانے پر صارف کو ٹوکن نمبر اور شکایت کے ازالے کا وقت بھی بتایا جاتا ہے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ اس وقت ماسوائے ضلع راجن پور کے 6 بجلی صارفین کے ملک بھر کے کسی صارف کی بجلی مون سون بارشوں کی وجہ سے متاثر نہیں ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک، وفاقی وزیر پاور ڈویژن سردار اویس لغاری، مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ، وزیر مملکت برائے خزانہ وریلوے بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 19

میں 6 ستمبر کو درج کیا گیا تھا۔

بقیہ 20

کارکنان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر بیگم کلثوم نواز کی روح کے ایصالِ ثواب کے لئے قرآن خوانی اور اجتماعی دعائیں کی گئی

قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ کا یومِ وفات قوم کا عظیم رہنما کو عقیدت و احترام سے خراجِ عقیدت

بانی پاکستان قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ کی سیاسی بصیرت، اصولی جدوجہد اور پاکستان کے قیام کے لیے تاریخی کردار پر شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش

قائدِ اعظم کے انتقال کے بعد سے ان کی تعلیمات قوم کے لیے مشعلِ راہ ہیں، قائد کے زریں اصولوں پر عمل پیرا ہونے کا اعادہ کرتے ہیں

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کراچی/ بانی پاکستان قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ کا یومِ وفات آج 11 ستمبر کو ملک بھر میں انتہائی عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر قوم اپنے عظیم رہنما کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کی لازوال خدمات، اصول پسندی، سیاسی بصیرت اور برصغیر کے مسلمانوں کے لیے انتھک جدوجہد کو یاد کر رہی ہے قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ برصغیر کے مسلمانوں کے ایک عظیم رہنما تھے، جنہوں نے اپنی قائدانہ صلاحیت، سیاسی بصیرت اور اصولی جدوجہد کے ذریعے مسلمانوں کے لیے ایک علیحدہ وطن کے (بقیہ نمبر 28)

راولپنڈی، گھر میں ڈکیتی کے دوران ڈاکوؤں نے ملازم کو قتل کر دیا

4 ڈاکوؤں نے گھر میں داخل ہو کر مالکن کو اسلحہ کی نوک پر یرغمال بنایا، پولیس ذرائع

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے پیر مہر علی شاہ ٹاؤن میں گھر میں ڈکیتی کے دوران ملزمان نے مزاحمت پر 38 سالہ ملازم قتل کر دیا۔ گھر کی مالکن کی درخواست پر ڈکیتی اور قتل کا مقدمہ تھانہ دھمیال میں درج کر لیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق 4 ڈاکوں نیکٹر میں داخل ہو کر مالکن کو اسلحہ کی نوک پر یرغمال بنایا 38 سالہ ملازم محمد علی کو مزاحمت پر واش روم میں گلا دبا کر قتل کر دیا۔

لاہور: برطانوی ہائی کمیشن لاہور آفس کے سربراہ بین وارتمکن چیئرمین یونیورسٹی آف لاہور اویس رؤف سے شیلڈ وصول کر رہے ہیں

پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کی لائسنسنگ کا آغاز، 70 درخواستیں موصول

حکومت نے صرف 6 ماہ میں ڈیجیٹل اثاثوں سے متعلق ریگولیٹری فریم ورک تیار کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کی لائسنسنگ کا عمل باضابطہ طور پر شروع کر دیا گیا ہے جس کیلئے اب تک 70 درخواستیں موصول ہو چکی ہیں۔ چیئرمین پاکستان ورچوئل ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب کے مطابق حکومت نے صرف (بقیہ نمبر 30)

آئی پی پیز کے ساتھ 30 اور 40 سال کے نئے معاہدوں کا انکشاف

موجودہ حکومت نے 2025 میں چار آئی پی پیز کے ساتھ نئے معاہدے کیے

اسلام آباد (این این آئی) آئی پی پیز کے ساتھ 30 اور 40 سال کے نئے معاہدے کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق چار آئی پی پیز کے ساتھ نئے معاہدے کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے، موجودہ حکومت نے 2025 میں چار آئی پی پیز کے ساتھ نئے معاہدے کیے۔ موجودہ حکومت نے جامشورو کول نامی پاور پلانٹ کے ساتھ (بقیہ نمبر 31)

ایگزیکٹو ڈائریکٹر امر احمد نواز گوندل اور ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ پروکیورمنٹ پی آئی بی عطاء الرحمن معاہدے پر دستخط کرنے کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں

قتل کیس کا فیصلہ ملزم کو عمر قید اور 20 لاکھ روپے ہرجانہ

فائرنگ سے نوجوان طلحہ ظفر جانبحق ہوا تھا، ایڈیشنل سیشن جج راحیلہ عمر نے فیصلہ سنا دیا

مدعی کی جانب سے سینئر فوجداری وکیل عامر شفیق قریشی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ سمیت وکلا نے کیس کی پیروی کی

گوجر خان (قمر شہزاد) تھانہ گوجر خان کے مقدمہ قتل کا فیصلہ سنا دیا گیا، ایڈیشنل سیشن جج گوجر خان راحیلہ عمر نے ملزم عدنان ولد محمد غیاث کو عمر قید اور 20 لاکھ روپے ہرجانہ کی سزا سنادی۔ مقدمہ کی پیروی مدعی ظفر اقبال کی جانب سے سینئر فوجداری وکیل عامر شفیق قریشی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان، سید شبر عباس ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، وقاص عزیز بھٹی ایڈووکیٹ، ملک (بقیہ نمبر 33)

پاسداران انقلاب کا آبنائے ہرمز میں امریکی کشتی تباہ کرنے کا دعوی

کشتی کا شناختی نمبر 5838 ہے اور اس کا نام سیل ڈرون ہے، ایرانی میڈیا

تہران (این این آئی) ایران کی پاسداران انقلاب بحریہ نے آبنائے ہرمز کے داخلی راستے پر امریکی فوج کی کشتی کو تباہ کرنے کا دعوی کیا ہے۔ ایرانی میڈیا کی جانب سے جاری ویڈیو میں دکھایا گیا ہے کہ انسان کی مدد کے بغیر چلائی جانیوالی کشتی کا ایک حصہ تباہ ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق کشتی کا شناختی نمبر 5838 ہے اور اس کا نام سیل ڈرون ہے۔ پاسدارانِ انقلاب کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز بند اور ان کے کنٹرول میں ہے، آبی گزرگاہ (بقیہ نمبر 34)

حمزہ شہباز کا پمز کا دورہ، متاثرہ والدین سے ملاقات

پمز آتشزدگی کا واقعہ ایسا زخم جسے پوری قوم نے محسوس کیا، حمزہ شہباز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر حمزہ شہباز نے کہا ہے کہ پمز آتشزدگی کا واقعہ ایسا زخم ہے جسے پوری قوم نے محسوس کیا۔ وفاقی دارالحکومت میں حمزہ شہباز نے پمز ہسپتال کا دورہ کیا جہاں انہوں نے پمز آتشزدگی کے واقعے میں متاثرہ والدین سے ملاقات کی اور ان سے تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے آتشزدگی سے متاثرہ نرسری وارڈ کا بھی دورہ کیا اور واقعے کے حوالے سے صورتِ حال کا جائزہ (بقیہ نمبر 36)

پی ٹی اے سی ایم ایس موبائل ایپ کا جدید ورژن متعارف

پی ٹی اے سی ایم ایس موبائل ایپ کا جدید ورژن متعارف کرا دیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے صارفین کی سہولت اور شکایات کے ازالے کے نظام کو مزید مؤثر، محفوظ اور صارف دوست بنانے کیلئے پی ٹی اے سی ایم ایس موبائل ایپ کا جدید ورژن متعارف کرا دیا ہے، جو آئی او ایس اور اینڈرائیڈ دونوں صارفین کیلئے دستیاب ہے۔ اس ایپ کے ذریعے صارفین ٹیلی کام سے (بقیہ نمبر 38)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا میجر راجہ عزیز بھٹی شہید کو 61 ویں یومِ شہادت پر خراجِ عقیدت

میجر راجہ عزیز بھٹی شہید نے برکی سیکٹر میں پانچ دن اور پانچ راتیں دشمن کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر مادرِ وطن کا دفاع کیا

سب سے اعلیٰ عسکری اعزاز 'نشانِ حیدر' پانے والے میجر عزیز بھٹی شہید اور افواجِ پاکستان کے تمام شہداء قوم کے حقیقی ہیرو ہیں، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این ای این) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے میجر راجہ عزیز بھٹی شہید (نشان حیدر) کو ان کے 61 ویں یومِ شہادت پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ میجر راجہ عزیز بھٹی شہید کی جرات، بہادری اور عظیم قربانی قومی تاریخ کا ایک درخشاں باب ہے۔ قوم اپنے اس جری سپوت کی لازوال قربانی کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ 1965ء کی جنگ میں میجر راجہ عزیز بھٹی شہید نے لاہور کے قریب برکی سیکٹر میں دشمن کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر مادرِ وطن کا دفاع کیا اور پانچ دن اور پانچ راتیں بے مثال دلیری اور عزم کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ میجر راجہ عزیز بھٹی شہید نے وطن کے دفاع (بقیہ نمبر 39)

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات کیلئے الیکشن کمیشن کے ممبران پریس بریفنگ دے رہے ہیں۔

ستھرا پنجاب سکینڈل تلہ گنگ میں چھوٹے اہلکار قربان

اصل ذمہ داران کے خلاف اقدام کا مطالبہ

تلہ گنگ میں اسپیشل برانچ اہلکار پر تشدد، ستھرا پنجاب کے تین اہلکار ملازمت سے فارغ منیجر کارروائی سے مستثنیٰ کیوں؟

چوآ سیدن شاہ سمیت مختلف علاقوں میں کچرے کے ساتھ مٹی ملانے کے معاملے پر بھی تشویش، پہاڑ کھود کر ٹنوں مٹی کچرے میں شامل کرنے کے احکامات کس کے تھے؟

تلہ گنگ (خاور شہزاد) عوامی و سماجی حلقوں نے ستھرا پنجاب کے معاملات میں سامنے آنے والی حالیہ کارروائی پر متعدد اہم سوالات اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ اسپیشل برانچ کے اہلکار پر تشدد کے واقعہ میں ستھرا پنجاب کے تین اہلکاروں کو ملازمت سے فارغ کر دیا گیا، تاہم متعلقہ منیجر تمام الزامات اور کارروائی سے بری الذمہ قرار پاتے دکھائی دیتے ہیں، جس سے یہ تاثر جنم لے رہا ہے کہ ہمیشہ کی طرح چھوٹے اہلکاروں کو قربانی کا بکرا بنا کر اصل ذمہ داروں تک پہنچنے سے گریز کیا گیا حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر معاملہ صرف تین اہلکاروں کی برطرفی تک (بقیہ نمبر 47)

ہانگ کانگ، وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان اور ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو جان لی کا-چیو ہانگ کانگ میں اپنی اعلیٰ سطحی ملاقات کے بعد مصافحہ کر رہے ہیں

کندھ کوٹ: مسلح افراد کا بادل سبزوئی کے گھر پر مبینہ حملہ

اندھا دھند فائرنگ، چار افراد زخمی، پولیس کی جانب سے مزید تحقیقات جاری

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ): کندھ کوٹ میں مسلح افراد کی جانب سے بادل سبزوئی کے گھر پر مبینہ طور پر حملہ کر کے اندھا دھند فائرنگ کیے جانے کا واقعہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں چار افراد زخمی ہو گئے۔ فائرنگ کے واقعے کے بعد علاقے میں خوف (بقیہ نمبر 40)

جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاون جاری

عدالتی مفروران اور مجرمان اشتہاریوں سمیت 78 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے جاری کریک ڈاون کے دوران سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور مجرمان اشتہاریوں سمیت 78 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر لئے گئے۔ ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج۔ مزید تفتیش جاری (بقیہ نمبر 41)

لاہور: تاریخی آسٹریلیا مسجد کے قیام کے 100 سال مکمل ہونے پر منعقدہ پروقار صد سالہ تقریب میں بانی مسجد کی نوای عائشہ بخش خطاب کر رہی ہیں

ماہ ستمبر کے پہلے دس دن میں 54 گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز

سرچ آپریشنز کے دوران 2,891 افراد، 1,404 گھر، 272 دکانیں 76 ہوٹلز، 1,316 موٹر سائیکل اور 495 گاڑیوں کو چیک کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے ماہ ستمبر کے پہلے دس دن میں مختلف علاقوں میں 54 گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کئے، سرچ آپریشنز کے دوران 2,891 افراد، 1,404 گھر، 272 دکانیں، 76 ہوٹلز 1,316 موٹر سائیکل اور 495 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے 130 مشکوک افراد اور 157 موٹر سائیکل اور 10 گاڑیوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا۔ دوران سرچ آپریشن آکس، ہیروئین اور شراب سمیت تین عدد قانونی پستول معہ ایمونیشن بھی برآمد کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں (بقیہ نمبر 42)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کئے

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کا اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لئے کھلی کچہری کا انعقاد کیا اور شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے (بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد، وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ، وزارتِ قانون وانصاف میں قانون سازی سے متعلق امور نمٹانے والی کابینہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد پولیس تھانہ انڈسٹریل ایریا کی بروقت اور کامیاب کارروائی

2 کروڑ 60 لاکھ روپے چھیننے والے دو ملزمان 36 گھنٹے سے بھی کم وقت میں گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس تھانہ انڈسٹریل ایریا کی بروقت اور کامیاب کارروائی کے دوران غیر ملکی شہری سے اسلحہ کے زور پر 2 کروڑ 60 لاکھ روپے چھیننے والے دو ملزمان 36 گھنٹے سے بھی کم وقت میں گرفتار کر لیا گیا۔ ملزمان کے قبضے سے چھینی گئی مکمل رقم، واردات میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل، اسلحہ اور ایمونیشن بھی برآمد کیا (بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کے رہنما فواد حسین چوہدری پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ایس ایس پی انوسٹی گیشن سیف اللہ کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کاروائی کو یقینی بنایا جائے، ایس ایس پی انوسٹیگیشن کی متعلقہ افسران کو ہدایت، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس (بقیہ نمبر 45)

راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ

شہری کو قتل کرنے والے مجرم کو عدالت نے عمر قید کی سزا سنا دی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے مجرم کو معزز عدالت نے عمر قید کی سزا سنا دی۔ تفصیلات کے مطابق معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے مجرم کو معزز عدالت نے عمر قید کی سزا سنا دی، مجرم عدنان کو 10 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا بھی سنائی گئی، واقعہ کا مقدمہ مئی 2025ء تھانہ گوجر خان میں درج کیا گیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ (بقیہ نمبر 46)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

چینی کمپنی سیپکو کے چار گرڈ سٹیشنز کو اپ گریڈ کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) سکھر الیکٹرک پاور کمپنی (سیپکو) کے زیر انتظام چار 66 کلو وولٹ گرڈ سٹیشنز کو ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے 4 کروڑ ڈالر کے بجلی کے منصوبے کے تحت 132 کلو وولٹ میں اپ گریڈ کیا جائے گا۔ ویلتھ پاکستان کو دستیاب دستاویزات کے مطابق منصوبے کے تحت رادھن، ٹھری میرواہ، نارا II۔ اور پڈعیدن میں (بقیہ نمبر 29)

معمولی تکرار پر باپ اور بیٹے کی ایک دوسرے پر فائرنگ، دونوں جاں بحق

لاہور اسوات (این این آئی) سوات کے علاقے کبل میں باپ اور بیٹے کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں دونوں جاں بحق ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کا واقعہ معمولی تکرار کے باعث پیش آیا جبکہ جاں بحق ہونے والا بیٹا عدنان نشے کا عادی تھا، پولیس نے دونوں لاشوں کو اسپتال منتقل کر کے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ دوسری جانب لاہور کے علاقے شالیمار میں جائیداد کے تنازع پر بیٹے نے باپ کو قتل کر دیا۔

پرائیویٹ عازمین حج کی رجسٹریشن اور بکنگ کا عمل 20 نومبر تک جاری رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) پرائیویٹ عازمین حج کی رجسٹریشن اور بکنگ کا عمل پاک حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے 20 نومبر تک جاری رہے گا۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق عازمین حج کی آسانی کے لیے تین اقساط میں ادائیگی کی سہولت فراہم کی گئی ہے، ادائیگی صرف پاک حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے ممکن ہو گی۔ وزارت مذہبی امور کے (بقیہ نمبر 32)

ہیلری کلنٹن نے ٹرمپ کو جھوٹ بولنے کا اولمپک چیمپئن قرار دیدیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی سابق وزیر خارجہ ہیلری کلنٹن نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے انہیں جھوٹ بولنے کا اولمپک چیمپئن قرار دے دیا۔ امریکی نیوز چینل کو انٹرویو میں ہیلری کلنٹن نے کہا کہ ٹرمپ ہر معاملے میں جھوٹ بولتے ہیں اور ان کے جھوٹ امریکی فوجیوں، فضائیہ، میرینز اور مشرق وسطی میں موجود امریکی (بقیہ نمبر 35)

مخصوص اضلاع میں 21 تا 27 ستمبر ذیلی قومی انسدادِ پولیو مہم کا اعلان

لاہور (این این آئی) ملک بھر کے 115 مخصوص اضلاع میں 21 سے 27 ستمبر تک ذیلی قومی انسدادِ پولیو مہم کا انعقاد کیا جائے گا۔ نیشنل ای او سی کے مطابق مہم کے دوران تربیت یافتہ پولیو ورکرز گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گے۔ پنجاب کے 13 مخصوص اضلاع میں 1 کروڑ 6 لاکھ، سندھ کے 30 مخصوص اضلاع میں 1 کروڑ، خیبر پختونخوا کے 37 مخصوص اضلاع میں 73 لاکھ، بلوچستان کے 32 مخصوص اضلاع میں (بقیہ نمبر 37)

سڑک کراس کرنیوالا محنت کش نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے جاں بحق

مرید کے (این این آئی) مرید کے میں سڑک کراس کرنیوالا محنت کش نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے جاں بحق ہو گیا۔ جاں بحق ہونے والا شخص شادی ہال سے محنت مزدوری کے بعد اپنی رہائش گاہ پر جا رہا تھا، اطلاع پر پولیس کے اعلیٰ حکام امدادی ٹیموں سمیت موقع پر پہنچ گئے، جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش کو ضروری کارروائی کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ جاں بحق شخص کی شناخت 61 سالہ امانت علی ولد اللہ دتہ ساکن وہاڑی کے نام سے ہوئی ہے،

ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں، چھ افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں، 06 افراد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 06 افراد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ گنجمنڈی، صادق آباد، صدر واہ اور صدر بیرونی کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 48)

آزاد کشمیر میں فسادی جتھے کے حملے میں زخمی ہونے والا رینجرز اہلکار شہید

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر میں فسادی جتھے کے حملے میں زخمی ہونے والا رینجرز اہلکار شہید ہو گیا۔ تراڑکھل روڈ کلیئرنس آپریشن کے دوران فسادی جتھے کے سنائپرز نے فائرنگ کی، گولی لگنے سے رینجرز اہلکار آصف حسین شدید زخمی ہوا تھا، رینجرز اہلکار نے سی ایم ایچ راولپنڈی میں دوران علاج جام شہادت نوش کیا۔ ماہرین کے مطابق حملوں میں ملوث مسلح جتھوں کیخلاف فوری، سخت اور بلا امتیاز قانونی کارروائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے قائمقام زونل ہیڈ امیگریشن اینڈ پاسپورٹ فرحان شہزاد ملاقات کر رہے ہیں

حکومت کا 115 مخصوص اضلاع میں 7 روزہ انسدادِ پولیو مہم کا فیصلہ

رواں سال ملک بھر میں 4 کیسز رپورٹ ہوئے، قومی پولیو ایمرجنسی آپریشن سینٹر

لاہور (این این آئی) ملک بھر کے 115 مخصوص اضلاع میں 7 روزہ ذیلی قومی انسدادِ پولیو مہم کا فیصلہ کیا ہے، 22 سے 27 ستمبر تک 5 سال سے کم عمر 3 کروڑ 10 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ پنجاب کے 13 اضلاع میں ایک کروڑ 6 لاکھ، سندھ کے 30 اضلاع میں ایک کروڑ، خیبر پختونخوا کے (بقیہ نمبر 49)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کا سلسلہ جاری

پیٹرول کی قیمت میں 55، ڈیزل کی قیمت میں 38 روپے لیٹر اضافہ ہوا

لاہور (این این آئی) ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کا سلسلہ جاری ہے، ڈیڑھ ماہ کے دوران پیٹرول کی قیمت میں 55 روپے جبکہ ڈیزل کی قیمت میں 38 روپے فی لیٹر اضافہ ہو چکا ہے۔ جولائی کے بعد پیٹرول کی قیمت 315 روپے 80 پیسے سے بڑھ کر 370 روپے 80 پیسے فی لیٹر ہو گئی، جبکہ ڈیزل کی قیمت 360 روپے سے بڑھ کر 398 روپے 4 پیسے فی لیٹر تک پہنچ گئی۔ صرف گزشتہ (بقیہ نمبر 50)

ایم پی اے راشد لطیف خان یونیورسٹی کی اکیڈمک کونسل کا رکن بن گئیں

مہوش سلطانہ راجہ

اہم تعلیمی ذمہ داری ملنے پر اظہارِ تشکر، معیارِ تعلیم کی بہتری اور طلبہ کے بہتر مستقبل کے لیے کردار ادا کرنے کا عزم

جدید تعلیمی مواقع کے فروغ اور طلبہ کے لیے بہتر مستقبل کی راہ ہموار کرنے میں اپنا مؤثر کردار ادا کریں گی

لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر، رکن پنجاب اسمبلی شہباز کھوکھر اور دیگر بیگم کلثوم نواز کی سالانہ برسی کی تقریب میں شریک ہیں

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) ایم پی اے محترمہ مہوش سلطانہ راجہ کو راشد لطیف خان یونیورسٹی لاہور کی اکیڈمک کونسل کی رکن مقرر کر دیا گیا۔ یونیورسٹی کی اکیڈمک کونسل میں شمولیت کو محترمہ مہوش سلطانہ راجہ نے اپنے لیے باعثِ اعزاز قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ذمہ داری ان پر کیے گئے اعتماد کا مظہر ہے، جسے وہ پوری سنجیدگی، محنت اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ نبھائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ راشد لطیف خان یونیورسٹی میں میڈیکل، نرسنگ، ڈی فارمیسی اور قانون سمیت مختلف شعبہ جات (بقیہ نمبر 51)

ستھرا پنجاب پروگرام، صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے

صفائی کے حوالے سے کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، ڈپٹی کمشنر سارہ حیات

تلہ گنگ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے کہا ہے کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع بھر میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے اور شہری و دیہی علاقوں میں صفائی ستھرائی کے عمل کو موثر، منظم اور تسلسل کے ساتھ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ہدایت (بقیہ نمبر 53)

تفتیشی افسران کی استعداد کار کو بڑھانے کے لیے پولیس ہیڈ کوارٹرز میں تربیتی ورکشاپ

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایت پر تفتیشی افسران کی استعداد کار کو بڑھانے کے لیے پولیس ہیڈ کوارٹرز میں تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، تربیتی ورکشاپ میں این آئی یو کے تفتیشی افسران اور تھانوں کے محرر مالخانہ کی شرکت، ورکشاپ میں اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر شہباز طاہر نے تفتیشی افسران کو منشیات سمیت (بقیہ نمبر 52)

ڈنمارک کے ویزے کا جھانسہ، لاکھوں روپے لوٹنے والا انسانی اسمگلر گرفتار

ملزم کے دیگر ساتھیوں اور سہولت کاروں کے کردار کے تعین کیلئے تفتیش جاری ہے

راولپنڈی (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد نے کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ میں ملوث مطلوب ملزم ابراہیم خان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم سال 2025 کے مقدمہ نمبر 290 میں مطلوب تھا۔ مقدمے کے مطابق ملزمان نے ڈنمارک کے ایمپلائمنٹ ویزے فراہم کرنے کے نام پر متاثرین سے فی کس 22 لاکھ روپے وصول کرنا تھے، جبکہ بیشتر رقم پہلے ہی ادا کی جا چکی (بقیہ نمبر 54)

لاہور: ایک پولیس اہلکار بغیر نمبر موٹر سائیکل کا استعمال کر رہا ہے

صادق آباد پولیس کی کارروائی، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 3 افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس کی ایک کارروائی کے دوران اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 3 افراد گرفتار کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 3 افراد کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد نے معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ کر کے شہری کو زخمی کیا تھا، ملزمان وقوعہ کے بعد روپوش ہو گئے تھے، صادق آباد پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا۔

ننھے آیان کیس پولیس کارروائی پر لواحقین مطمئن، کیس CCD کے سپرد کرنے کی استدعا

سی پی او راولپنڈی کا جائے وقوعہ کا دورہ، لواحقین سے ملاقات فرانزک شواہد لیبارٹری بھجوا دیے گئے

یہ بچہ ہم سب کا تھا، اہل علاقہ کا عزم پولیس اور مقامی میڈیا کی مثبت کاوشوں کو سراہا گیا

گوجر خان (قمر شہزاد) جیور تیال میں 8 سالہ یتیم محمد آیان کی گمشدگی کے بعد گاؤں کے قریب کنویں سے نعش ملنے کے افسوسناک واقعے پر سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا نے جائے وقوعہ کا معائنہ اور لواحقین سے ملاقات کی، انہیں یقین دلایا کہ واقعے کی مکمل تحقیقات کے بعد ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ قبل ازیں نعش کی برآمدگی کے موقع پر ایس ایس پی آپریشنز اور ایس پی صدر بھی رات گئے تک جائے وقوعہ پر موجود رہے، جبکہ اے ایس پی گوجر خان اور ایس ایچ